# Mathematics
# ریاضی
# (311)
# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) طلبا کے ایک مجموعے میں 100 طلبا ہندی زبان جانتے ہیں، 45 طلبا انگریزی زبان جانتے ہیں اور 30 طلبا انگریزی اور ہندی دونوں زبانیں جانتے ہیں۔ ہر ایک طالب علم یا تو ہندی زبان جانتا ہے یا انگریزی۔ مجموعے میں کتنے طلبا ہیں؟ [سبق-1 دیکھیے]

(b) ایک تھیلے میں 8 لال اور 5 ہری گیندیں ہیں۔ تھیلے میں سے دو گیندوں کو ایک ساتھ بلا منصوبہ طور پر نکالا جاتا ہے۔ دونوں گیندوں کے ہرے رنگ کے ہونے کا احتمال معلوم کیجیے۔ [سبق-19 دیکھیے]

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) آپ کی کلاس میں 15 لڑکے اور 10 لڑکیاں ہیں۔ ان طلبا میں سے چار ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جانی ہے۔ یہ کام کتنے طریقوں سے کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ کمیٹی میں کم از کم 3 لڑکیوں کا ہونا ضروری ہے۔ [سبق-6 دیکھیے]

(b) اگر $|z| = 1$ ہے تو ثابت کیجیے کہ $\frac{z-1}{z+1}, (z \neq -1)$ ایک خالص مجازی عدد ہے۔ اگر $z = 1$ ہے تو آپ کا نتیجہ کیا ہوگا؟ [سبق-8 دیکھیے]

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) ایک مثلث کے اضلاع کی نسبت $a: b: c = 7: 8: 9$ ہے تو دکھائیے کہ $\cos A: \cos B: \cos C = 14: 11:6$۔ [سبق-5 دیکھیے]

(b) کرہ $x^2 + y^2 + z^2 = 49$ پر مستوی $2x+3y-z-5\sqrt{14} = 0$ کے ذریعے کاٹے گئے دائری سیکشن کا نصف قطر معلوم کیجیے۔ [سبق-9 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) مخروطی سیکشن کی تشکیل کس طرح کی جاتی ہے؟ اپنے گرد و پیش سے دائرہ، مکافی، ناقص اور زائدہ ہر ایک کی چار مثالیں پیش کیجیے۔ ان سے متعلق مختلف معلومات کی فہرست تیار کیجیے۔ [سبق-12 دیکھیے]

(b) ایک جیومیٹریائی تصاعد (GP) کے پہلے تین ارکان کا حاصل جمع $\frac{13}{12}$ اور ان کا حاصل ضرب $-1$ ہے۔ ایک جیومیٹریائی تصاعد (GP) معلوم کیجیے۔ [سبق... دیکھیے]

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) (i) ایک ایسے فنکشن کی مثال دیجیے جس کا گراف مبدا کے متشاکل ہو۔ اس کا گراف بھی بنائیے۔ [سبق 2 اور 8 دیکھیے]

(ii) $7i^7 + 7i^6 + 3i^3 - 2i^2 + 1$ کو $a + bi$ کی شکل میں ظاہر کیجیے۔ [سبق 2 اور 8 دیکھیے]

(b) ایک GP کے تین ارکان کا حاصل ضرب 512 ہے۔ اگر پہلے رکن میں 8 اور دوسرے رکن میں 6 جوڑ دیا جائے تو نئے ارکان سے ایک AP بن جاتی ہے۔ نئے ارکان معلوم کیجیے۔ [سبق 6 دیکھیے]

6۔ مندرجہ ذیل پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) سال 2016 میں کھیلے گئے کسی ایک روزہ کرکٹ میچ کو دیکھیے۔ مندرجہ ذیل نکات کی مناسبت میں کارکردگی اور موازنہ کو ظاہر کرنے والی ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے۔

(i) کھلاڑیوں کے انفرادی اسکور کی رینج معلوم کیجیے۔

(ii) ہر ایک ٹیم کا وسطی انحراف (MD) اسکور معلوم کیجیے۔

(iii) اووروں کی تعداد کو کلاس وقفہ اور نظیری اسکور کو تعدد لے کر ہر ایک ٹیم کے لیے مرتب تعددی بٹاؤ جدولیں تیار کیجیے۔

(iv) مذکورہ بالا (iii) میں حاصل تعددی بٹاؤ جدولوں کو، ہسٹوگرام کی مدد سے ظاہر کیجیے۔ [سبق-17 دیکھیے]

(b) اپنے گاؤں/شہر میں کم از کم 50 کنبوں کا سروے کیجیے۔ مندرجہ ذیل کو ذہن میں رکھتے ہوئے ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے۔

(i) عمر کو ظاہر کرنے والے اعداد و شمار کو کلاس وقفہ کی شکل میں پیش کیجیے۔

(ii) کنبوں کی اوسط آمدنی معلوم کیجیے۔

(iii) گاؤں/شہر میں شرح خواندگی کا پتہ لگائیے— ابتدائی، ثانوی، اعلیٰ ثانوی، گریجویشن، اعلیٰ تعلیم

(iv) کنبوں کی آمدنی کا تغیر (variance) معلوم کیجیے۔

(v) مذکورہ بالا (iii) میں حاصل ہونے والے اعداد و شمار کو بار گراف کی مدد سے ظاہر کیجیے۔ [سبق-17 دیکھیے]

# Physics
# طبیعیات
# (312)
# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) A اور B دو سُر دوشاخے (Tuning Forks) 10 ارتعاش فی سیکنڈ پیدا کرتے ہیں۔ B کی ایک شاخ میں ایک چھوٹی سی انگوٹھی ڈالنے پر بھی 10 ارتعاش فی سیکنڈ پیدا ہوتے ہیں۔ انگوٹھی ڈالنے سے پہلے B کی فریکوئنسی کیا تھی اگر اب B کی فریکوئنسی 430 Hz ہے۔ اپنے جواب کی وجہ بتائیے۔ [سبق-13 دیکھیے]

(b) کن حالات میں تناؤ (stress) کو شکستگی تناؤ (Breaking stress) کہا جاتا ہے۔ اگر 100 کلوگرام وزن کو 1.0 میٹر لمبے تار سے لٹکایا جاتا ہے تو تار کی لمبائی میں 0.20 سینٹی میٹر کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ اگر لچک کی قوت (Tensile Strength)، $9.8\times107\ Nm^{-2}$ ہے تو تار کے کراس سیکشن کی تحسیب کیجیے۔ تار میں پیدا ہونے والا بگاڑ (strain) بھی معلوم کیجیے۔ دیا ہے $g = 9.8\ ms^{-2}$ [سبق-8 دیکھیے]

2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) کس گہرائی پر g کی قدر زمین کی سطح پر g کی قدر کا 75% ہو جائے گی۔ کیا اونچائی کے ساتھ بھی اس کی قدر میں تبدیلی آئے گی؟ [سبق-5 دیکھیے]

(b) ایک بندوق کی گولی افق کے ساتھ 30° کا زاویہ بناتے ہوئے 250 m/s کی ابتدائی رفتار سے چلائی جاتی ہے۔ گولی بندوق سے کتنے فاصلے پر زمین سے ٹکرائے گی؟ [سبق-4 دیکھیے]

3۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) فرض کیجیے کہ ہمارے پاس ویکٹر A اور ویکٹر B، $C = 12B$ ہے۔ ویکٹر $A \times B$ کی سمت اور ویکٹر $C \times A$ کی سمت میں کیا تعلق ہے؟ [سبق-1 دیکھیے]

(b) 2 کلوگرام کمیت اور 20 سینٹی میٹر نصف قطر والی یکساں دائری قرص (circular disc) کو اس کے کسی ایک قطر کے اطراف گھمایا جاتا ہے اس قطر کے اطراف زاویائی چال معلوم کیجیے اگر زاویائی تحرک $0.2\ kgm^2s^{-1}$ ہے۔ [سبق-7 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) مشترک مرکز انحنا والے مقعر آئینوں کے لیے ڈائیگرام بنائیے جن کے نصف قطر 5cm، 7cm اور 10cm ہیں۔ ہر ایک آئینے کی فوکل لمبائی معلوم کیجیے۔ مشترک پرنسپل ایکسس کے متوازی ایک شعاع کھینچیے اور ہر ایک آئینے کے لیے منعکس شعاعیں تشکیل دیجیے۔ [سبق-13 دیکھیے]

(b) بصری آلے کی جزو تجزیاتی پاور (resolving power) سے کیا مراد ہے؟ بہت زیادہ قریب واقع دو اسپیکٹرل لائنوں کے جزو تجزیہ کے لیے ریلے کے معیار کی مناسب ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجیے۔ (i) خردبین (ii) دوربین کی جزو تجزیاتی پاور کا فارمولا لکھیے۔ [سبق 23 دیکھیے]

5۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) اصطلاح طول لہر (Wavelength) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ فضا میں اشعاع پذیر 10 میٹر کی طول لہر والی ریڈیو لہر کی فریکوئنسی اور دوری وقت معلوم کیجیے۔ [سبق-30 دیکھیے]

(b) اگر آپ اور آپ کا دوست سڑک پر سائیکل چلا رہے ہیں تو آپ دیکھیں گے کہ الگ الگ وقت پر دونوں سائیکلیں مختلف مقامات پر ہیں۔ ہر ایک سائیکل کے لیے پانچ الگ الگ وقفوں پر پانچ مقامات کو نوٹ کیجیے۔


(i) یکساں حرکت کے لیے مقام–وقت گراف بنائیے۔

(ii) غیر یکساں حرکت کے لیے مقام–وقت گراف بنائیے۔ [سبق-2 دیکھیے]

6۔ ذیل میں دیے گئے دو پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(a) ایک ہی دھات کی دو پلیٹیں A اور B لیجیے۔ A کی سطح کو کالے رنگ سے اور B کی سطح کو سفید رنگ سے پالش کیجیے۔ ایک برقی ہیٹر لیجیے اور ان دونوں پلیٹوں کو ہیٹر کے سامنے ایک عمودی اسٹینڈ پر اس طرح رکھیے کہ پالش کی ہوئی کالی پلیٹ اور سفید پلیٹ کا رخ ہیٹر کی طرف ہو۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پالش کی ہوئی پلیٹیں ہیٹر سے مساوی فاصلے پر ہوں۔ پلیٹوں کی بغیر پالش والی سطح (پشت) پر موم کی مدد سے ایک کارک لگائیے۔ مشاہدہ کیجیے اور بتائیے کہ کون سی سطح حرارتی اشعاع کو زیادہ تیزی سے جذب کرے گی۔ سفید سطح یا کالی سطح؟ [سبق-12 دیکھیے]

(b) پتھر کا ایک چھوٹا ٹکڑا لیجیے اور اسے دھاگے کے ایک سرے پر باندھ دیجیے۔ دوسرے سرے کو اپنی انگلیوں سے پکڑیے اور پتھر کو افقی یا عمودی دائری راستے پر گھمانے کی کوشش کیجیے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ گردش کی کم چال کے ساتھ شروع کیجیے اور اسے بتدریج بڑھاتے جائیے۔ مشاہدہ کر کے تبصرہ کیجیے۔



(i) جب پتھر گھوم رہا ہے تو کیا آپ کو انگلیوں میں کوئی کھنچاؤ محسوس ہوتا ہے؟

(ii) اگر دھاگا اچانک ٹوٹ جائے تو پتھر کے راستے کا مشاہدہ کیجیے۔ کیا یہ اسی دائری راستے پر چلتا رہتا ہے یا راستہ بدل جاتا ہے۔ وجہ بتاتے ہوئے اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔ [سبق-4 دیکھیے]

# Chemistry
# کیمسٹری
# (313)
# (TMA)

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ایک عنصر bcc ساخت کے ساتھ پایا جاتا ہے جس کا سیل کور (cell edge)، 288 ppm ہے۔ عنصر کی کثافت $7.2\ g\ cm^{-3}$ ہے۔ عنصر کے 208 گرام میں عنصر کے کتنے ایٹم ہوں گے؟ [سبق-6 دیکھیے]

(b) مندرجہ ذیل کو پہلی آیونائزیشن اینتھالپی کی بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھیے۔ اپنے جواب کی جانچ کیجیے۔ [سبق-3 دیکھیے]

B,C,N,O

2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) (i) کلورین کی الیکٹران گین اینتھالپی فلورین کے مقابلے زیادہ منفی کیوں ہوتی ہے؟

(ii) نائٹروجن ایک گیس ہے جب کہ فاسفورس ٹھوس ہوتا ہے۔ کیوں؟ [سبق-3 اور 19 دیکھیے]

(b) جب $(Na_2B_4O_7.10H_2O)$ کو مرتکز $H_2SO_4$ کے ساتھ تعامل کرایا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟ کیمیائی مساوات بھی لکھیے۔ [سبق-19 دیکھیے]

3۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) پوٹاشیم کلوریٹ $(KClO_3)$ کی تحلیل میں مینگنیز ڈائی آکسائڈ $(MnO_2)$ کا کیا کام ہے؟ [سبق-19 دیکھیے]

(b) جب امونیا $(NH_3)$ کا تعامل کلورین $(Cl_2)$ کی بہت زیادہ مقدار کے ساتھ کرایا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟ [سبق-8 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) مندرجہ ذیل تعاملات کے لیے فی مول آزاد توانائی (Free Energy) کی تحسیب کیجیے۔

(i) 298K پر $CaCO_3(s) + CaO(s) + CO_2(g)$

$\Delta H = 117.9\ kJ, \Delta S = 160.4 JK^{-1}$

(ii) 298K پر، $2NO_2(g) + N_2O_4(g)$

$\Delta H = -57.2\ kJ, \Delta S = -175.6\ JK^{-1}$ [سبق-10 دیکھیے]

(b) مندرجہ ذیل کی وجہ بیان کیجیے۔ [سبق-15 دیکھیے]

(i) اگر تحویلی درجۂ حرارت پر دھات رقیق حالت میں بنتی ہے تو دھات کی تحویل (Reduction) آسانی سے ہو جاتا ہے۔

(ii) جھاگ تیراؤ (Froth Flotation) کے طریقے میں صنوبر کا تیل استعمال کیا جاتا ہے۔

(iii) کون سی دھات کے استخراج کے لیے سائنائڈ عمل کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(iv) بہت زیادہ تعامل پذیر دھاتوں کے استخراج کے لیے کون سا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے؟ [سبق-16 دیکھیے]

2

5۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔

(a) پروٹین کی تعریف بیان کیجیے۔ مندرجہ ذیل ہر ایک کی ایک مثال دیجیے۔ [سبق-29 دیکھیے]

(i) انضباطی پروٹین (Regulatory Protein)

(ii) ساختی پروٹین (Structural Protein)

(iii) پروٹن برائے نقل وحمل (Transport Protein)

(iv) مدافعتی پروٹین (Defence Protein)

(b) (i) کیا فینول دافع عفونت (antiseptic) ہے یا دافع تعدیہ (disinfectant)؟ وضاحت کیجیے۔

(ii) مندرجہ ذیل کے استعمال میں کیا احتیاط برتنی چاہیے؟

(i) جراثیم کش (Germicide)

(ii) اینٹا سڈ

(iii) دافع بخار (Antipyretic)

(iv) مسکن (Tranquilizer) اور منوم (hypnoties)

6۔ ذیل میں دیے گئے چار پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تقریباً 500 الفاظ میں تیار کیجیے۔

(a) طلبا کے دو گروپ بنائیے۔ طلبا کے ایک گروپ کا تعلق دیہات سے اور دوسرے گروپ کا تعلق شہر سے ہے۔ دونوں گروپ ماحولیاتی مسائل پر گفتگو کر کے مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

(i) AQI کیا ہے؟

(ii) AQI میں اضافے کے لیے کون سی چیزیں ذمے دار ہیں؟

(iii) دیہات میں ہوا کی کوالٹی شہر کے مقابلے میں اچھی ہوتی ہے۔ کیوں؟

(iv) اگر کرہ باد میں کاربن مونو آکسائڈ (CO) کی مقدار زیادہ ہو تو اس کا کرہ باد پر کیا اثر ہوتا ہے؟

(v) گرین ہاؤس اثر کے لیے کون سی گیسیں ذمے دار ہیں؟

(vi) تیزابی بارش کے لیے کون سی گیسیں ذمے دار ہیں؟

(b) طلبا کے دو گروپ بنائیے۔ دونوں گروپوں کے درمیان وٹامنوں کی کمی سے ہونے والی بیماریوں پر مباحثہ کا انعقاد کیجیے۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) ہارمون اور وٹامن کے درمیان کیا فرق ہے؟

(ii) پانی میں حل پذیر وٹامن کی ایک مثال دیجیے؟

(iii) چربی میں حل پذیر وٹامن کی ایک مثال دیجیے؟

(iv) وٹامن C کی کمی سے ہونے والی بیماری کا نام بتائیے۔

(v) وٹامن A کی کمی سے ہونے والی بیماری کا نام بتائیے۔

(vi) وٹامن $B_6$ کی کمی سے ہونے والی بیماری کا نام بتائیے۔

# حیاتیات
# Biology
# (314)
## ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ

(TMA) کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) (i) DNA کس عضویچے میں پائے جاتے ہیں؟

(ii) جسم میں سفید دموی خلیے (WBC) کیا کام انجام دیتے ہیں؟

(iii) ایک ایسے عضویچے کا کام بتائیے جو حیوانی خلیہ میں پایا جاتا ہے لیکن نباتاتی خلیے میں نہیں۔

(iv) کون سے عضویچے میں خلوی تنفس کے لیے انزائم موجود ہوتا ہے؟ [سبق-4 دیکھیے]

(b) مندرجہ ذیل کی وجہ بتائیے۔

(i) پودوں میں جانوروں کی طرح مخصوص تنفّسی اعضا نہیں ہوتے ہیں۔

(ii) رات کے وقت درخت کے نیچے سونے کی صلاح نہیں دی جاتی ہے۔ [سبق-12 دیکھیے]

2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) درون خلوی (intra cellular) ہاضمہ کسے کہتے ہیں؟ امیبا میں غذا کو نگلنے اور ہضم کرنے کے تین مراحل کی ڈرائنگ بنا کر اور اسے لیبل کر کے درون خلوی ہاضمہ کو مدلل بیان کیجیے۔ [سبق 13 دیکھیے]

(b) ایک ٹیچر نے خردبین میں مونوکوٹ اور ڈائی کوٹ جڑوں کے TS کی سلائڈوں کو فوکس کیا اور طلبا سے مندرجہ ذیل خصوصیات کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہا۔ (i) ریڈیل ویسکیولر بنڈل (ii) اینڈوڈرمس کی موجودگی۔ دیگر ایسی دو خصوصیات کو بیان کیجیے جن کی مدد سے آپ ان کی شناخت کریں گے۔

[سبق 3 دیکھیے]

3۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) مندرجہ ذیل اصطلاحات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ایسے خردبینی حیوانات کو اچھوٹی مچھلیوں کو کھاتی جسم میں بہت زیادہ DDT

(i) حیاتیاتی سرقہ (Biopiracy) جسم میں DDT موجود ہے (ii) کھاتے ہیں بایو پیٹنٹ ہیں [سبق-24 دیکھیے]

(b) مندرجہ ذیل جانوروں میں پائی جانے والی دو مشترک خصوصیات بیان کیجیے۔ کتا، گلہری، انسان اور ہاتھی۔ اس کلاس کا نام بھی بتائیے جس سے ان جانوروں کا تعلق ہے۔ [سبق-1 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 150-100 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) درج ذیل جدول میں کچھ بیماریوں کے نام، ان کی علامات، ان بیماریوں کو پھیلانے والے عضویوں کے نام اور احتیاطی تدابیر دی گئی ہیں۔ 1 تا 8 کے ذریعے نشان زد خالی جگہوں کو پُر کرتے ہوئے جدول کو مکمل کیجیے۔

| نمبر شمار | بیماری کا نام | علامات | بیماری پھیلانے والے عضویہ کا نام | بیماری کی روک تھام |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | تپ دق (T.B.) | 1 | مائکو بیکٹیریم ٹیوبر کلوسس | 2 |
| 2۔ | ہیپاٹائٹس (Hepatitis) | بدن درد، بھوک میں کمی، متلی آنا، جلد اور آنکھوں کا رنگ پیلا ہو جاتا ہے | 3 | 4 |
| 3۔ | فیل پا | 5 | 6 | رات کے وقت مچھر دانی کا استعمال، مچھروں کے داخلے کو روکنا، مچھروں کی نسل افزائش کو روکنا |
| 4۔ | ڈینگی | 7 | وائرس | 8 |

(b) پودوں کے زندہ رہنے کے لیے تنفس کیوں اہم ہے؟ پودوں میں تنفس کے عمل کو بیان کیجیے۔ پودوں اور جانوروں کے عمل تنفس میں کوئی ایک فرق بتائیے۔
[سبق-12 دیکھیے]

5۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 150-100 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ہوموسٹیسس (Homeostasis) کی تعریف بیان کیجیے۔ ایک مثال کی مدد سے اس بات کی وضاحت کیجیے کہ یہ جسم میں کس طرح برقرار رہتا ہے۔
[سبق-12 دیکھیے]

(b) اینڈوتھرم (Endo therms) اور ایکٹوتھرم (Ecto therms) کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔ اگر ماحولیاتی درجۂ حرارت میں اچانک تبدیلی آجائے تو ان میں سے کون سے جانور بہتر طور پر زندہ رہ پائیں گے؟
[سبق-30 دیکھیے]

6۔ ذیل میں دیے گئے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تقریباً 500 الفاظ میں تیار کیجیے۔ 6

(a) (i) کووڈ-19 کیا ہے؟ یہ بیماری کس طرح پھیلتی ہے؟

(ii) کورونا وائرس سے متاثرہ شخص میں کون سی علامات ظاہر ہوتی ہیں؟

(iii) کیا کورونا وائرس ایک شخص سے دوسرے شخص میں پھیل سکتا ہے؟

(iv) آپ کورونا وائرس سے محفوظ رہنے کے لیے کیا اقدامات کریں گے؟

(v) عالمی سطح پر اس وبا کو روکنے کے لیے ہم سبھی کو کون سی احتیاطی تدابیر اختیار کرنی ہوں گی؟

(b) بے کار ہو چکی اشیا سے گرین ہاؤس تیار کرنا

(i) آج کل آپ گرین ہاؤس اور عالمی حدت کے بارے میں بہت کچھ سیکھ رہے ہیں۔ آپ یہ خود کیوں نہیں دیکھتے کہ سورج کی شعاعیں گرین ہاؤس کو کس طرح گرم کرتی ہیں اور اس کے اندر موجود پودوں کو زندہ رہنے کے لیے اسے کس طرح گرم رکھتی ہیں۔

(ii) اس کام کے لیے آپ کو شیشے کے کچھ ٹکڑے یا شفاف پلاسٹک کی چادریں، بھورے رنگ کی سیلوٹیپ، گتے کا ٹکڑا، چیمبر میں پانی کی گردش کے لیے پلاسٹک کے پائپ اور اندر کی جگہ کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے ٹیبل فین کی ضرورت ہوگی۔

(iii) اب اپنی بائیولوجی (حیاتیات) کی کتاب 3 کے ماڈیول 6A میں شکل 35.9 کو دیکھیے۔

(iv) سبھی حصوں کو آپس میں جوڑ کر گرین ہاؤس بنائیے۔ الگ الگ دنوں پر اسے دھوپ میں رکھیے۔ اخبارات کی مدد سے کرہ باد کے درجۂ حرارت کو نوٹ کیجیے اور ایک تھرمامیٹر کی مدد سے اپنے اس گرین ہاؤس کے اندر کا درجۂ حرارت معلوم کیجیے۔

(v) کسی مہینے کے مختلف ایام میں وقتاً فوقتاً درجۂ حرارت معلوم کیجیے اور درجۂ حرارت میں جس تبدیلی کا آپ مشاہدہ کیا ہے اس کا تقابلی چارٹ تیار کیجیے۔

# تاریخ

# History

# 315

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ

کل نمبرات:=20

نوٹ:(i) سبھی سوالات کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیں۔

سوال:1 درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) بودھ اور جین مذہب کی ادبی کتابوں کی ایک فہرست بنایئے اور ہر مذہب کی دو۔ دو تصانیف جو آپ کو دلچسپ لگتی ہے کے بارے میں مختصراً بتایئے۔ (سبق 5 دیکھئے)

(b) بھیم بیٹکا غار کی پینٹنگز (مصوری) کے مرکزی خیال کا تجزیہ کیجئے۔ (سبق 2 دیکھیں)

سوال:2 درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) 750 تا 1000 عیسوی تک کے دور کو معاشی طور پر اولیں زوال کا دور مانا جاتا ہے۔' دو مثالوں کے ساتھ اس بیان کا جائزہ لیجئے۔ (سبق 8 دیکھیں۔)

(b) زراعت کی شروعات نے نوحجری (پیتھ) دور (Neolithic Phase) میں ایک نمایاں تبدیلی پیدا کی' اس کا تجزیہ کیجئے۔ (سبق 2 دیکھیں۔)

سوال:3 درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے 4

(a) ''کسی بھی مقام کا جغرافیہ ہمیں اس معاشرے کی زندگی اور اس کی تاریخ کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔'' اس بیان کی توثیق کیجئے۔ (سبق 2 دیکھیں)

(b) ثقافتی قوم پرستی کی کن ہی دو خصوصیات کو درج کیجئے۔ (سبق 2 دیکھیں)

سوال:4 درج ذیل سوالوں میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) مہاجن پدوں کی کن ہی دو خصوصیات کو درج فہرست کیجئے۔ مگروہ اور زیادہ طاقت ور کیسے بن گئے؟ تفصیل کے ساتھ لکھئے۔ (سبق 5 دیکھئے)

(b) عالمی سیاسی طاقتوں نے ترک نوآبادیات (decolonisation) کے عمل کو کیسے متاثر کیا؟ تجزیہ کیجئے۔ (سبق 26 دیکھئے)

سوال:5 درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) آبادی کے ایک مقام/ملک سے دوسرے مقام/ملک میں جانے کے اسباب کو درج فہرست کیجئے۔ یہ منتقلی تارکین وطن کی زندگی اور ثقافت پر کیسے نظرانداز ہوتی ہے؟ (سبق 27 دیکھئے)

(b) ''ڈانڈی مارچ وہ پہلا واقعہ تھا جس سے مہاتما گاندھی کی طرف پوری دنیا کی توجہ مبذول ہوئی'' تشریح کیجئے۔(سبق 21 دیکھئے)

سوال:6 درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) پتہ کیجئے کہ کیا کوئی ایسی کمیونٹی ہے جو آپ کے شہر، گاؤں، قصبہ اور آس پاس کے علاقے میں منتقل ہوئی ہے۔آپ کے علاقے مٰن ایسے بھی لوگ ہو سکتے ہیں جو وبا (کووڈ19) کے دوران چلے گئے تھے۔ان کمیونٹی کے ممبروں سے انٹرویو لیجئے اور درج ذیل عوان پرمبنی ایک رپورٹ تیار کیجئے:(سبق 27 دیکھئے)

| وہ کہاں سے آئے | ہجرت کی وجہ | تجربات |
|---|---|---|

یہ بھی پتہ کیجئے کہ ہجرت کے نتیجے میں ان علاقوں میں کیا تبدیلیاں واقع ہوئیں؟

(b) ہندوستان کے نقشے میں ان مقامات کی نشاندہی کیجئے جہاں سے ڈانڈی مارچ گزرا تھا۔

# جغرافیہ

# (316)

# Geography

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

(1) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 سے 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) مندرجہ ذیل علاقوں میں زمین کے توازن کا کون سا عمل خاص طور پر کام کرتا ہے۔(دیکھئے سبق 2)

(i) اراولی پہاڑیاں

(ii) ساحلی میدان

(iii) تھار کا ریگستان

(iv) دکن کا پلیٹو

(b) زمینی سطح پر آپ عدم توازن کو کس شکل میں پاتے ہیں۔(دیکھئے سبق 4)

(2) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) ماحولیاتی نظام (ایکوسسٹم) میں توانائی کا بہاؤ کس طرح کام کرتا ہے؟ (دیکھئے سبق 14)

(b) ٹیکٹانک سرگرمیاں پلیٹ سرحدوں کے ساتھ کس طرح قریبی طور پر مربوط ہیں۔(دیکھئے سبق 3)

(3) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے 2

(a) علاقائی رنگارنگی یا تنوع کے باوجود بھی، ہندوستان میں مانسونی وحدت کس طرح نظر آتی ہے۔(دیکھئے سبق 17)

(b) اپنے علاقے میں دو ایسے حیاتیاتی وسائل کی نشاندہی کیجئے جو ختم ہوتے جا رہے ہیں۔(دیکھئے سبق 4)
ان وسائل کی بقا اور تحفظ کے لیے دو اقدامات تجویز کیجئے۔

(4) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے۔ 4

(a) واضح کیجئے کہ ہندوستان میں عالمی کاری (گلوبلائزیشن) نے زراعت کو کس طرح متاثر کیا ہے۔

(b) واضح کیجئے کہ آپ اپنے علاقے میں توانائی کے غیر رسمی وسائل کو کس طرح استعمال کر سکتے ہیں۔(دیکھئے سبق 23)

(5) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے۔

(a) اپنے علاقے میں پائے جانے والے پودوں اور جانوروں کی مثالیں دیتے ہوئے غذائی سائیکل کو سمجھائیے۔ (دیکھیے سبق 14)

(b) ہندوستان کے نقشے کے خاکہ پر مناسب علامتوں کے ذریعے مندرجہ ذیل کو دکھائیے اور ان کو نشان زد کیجیے (دیکھیے سبق 20-16)

(i) سلسلہ قراقرم

(ii) دریائے گوداوری

(iii) کنچن چوٹی

(iv) رسوبی مٹی کا علاقہ

(6) درج ذیل میں سے کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) وسائل توانائی کے پائدار استعمال کے لیے اپنے اہل خانہ کی مدد سے ایک سروے کیجیے اور یہ جاننے کی کوشش کیجیے کہ مختلف سرگرمیوں کے لیے استعمال میں آنے والے توانائی کے ذرائع رسمی ہیں یا غیر رسمی۔ اس مصور کے لیے مندرجہ ذیل فارمیٹ میں معلومات کو اکٹھا کیجیے۔

| نمبر شمار | کام/سرگرمی | توانائی کی قسم | توانائی کا ذریعہ | توانائی کے مجوزہ غیر رسمی ذرائع |
|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | |
| 2 | | | | |
| 3 | | | | |
| 4 | | | | |
| 5 | | | | |
| 6 | | | | |
| 7 | | | | |

دوسو الفاظ میں ایک رپورٹ تیار کیجیے کہ آپ کے گھر کی توانائی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے، توانائی کے غیر رسمی ذرائع کو کس حد تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(b) اپنے گھر اور پڑوس کے بڑے افراد سے گفتگو کر کے یہ جاننے کی کوشش کیجیے کہ وہ لوگ اپنی مختلف ضروریات کے لیے پانی کے کن ذرائع پر منحصر تھے۔ یہ بھی جاننے کی کوشش کیجیے کہ وہ پانی کے تحفظ کے لیے کیا تدابیر کرتے تھے۔ اکٹھا کی گئی معلومات کی بنیاد پر ایسے وسائل کی فہرست تیار کیجیے جو آج بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔ کیا اس زمانے کے تحفظ کے وسائل آج بھی استعمال ہوتے ہیں۔ اس معلومات کی بنیاد پر 200 لفظوں کی ایک رپورٹ تیار کیجیے اور اپنے علاقے میں پانی کے بقاء اور تحفظ کے لیے اقدامات تجویز کیجیے۔

# سیاسیات
# Political Science
# (317)
## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبرات=20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

سوال 1: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ہمارے آئین میں بنیادی حقوق کے سیکشن کے تحت فراہم کردہ آزادی کے حق کے تئیں موجود حدود کی نشاندہی کیجیے۔

(b) آئین کے ذریعہ نافذ ریاست کی پالیسیوں کے کن ہی دو ہدایتی اصولوں کو درج فہرست کیجیے جو ہماری روزمرہ کی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

سوال 2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) اگر کسی ریاست میں صدر راج نافذ ہے تو ایسی صورت میں ہونے والے کن ہی دو نتائج کو درج فہرست کیجیے۔ (سبق 3 دیکھیے)

(b) خواتین کے ریزرویشن کی بنیاد میں واقع کن ہی دو اسباب کی معقولیت کو بیان کیجیے۔

سوال 3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ''انفارمیشن ٹکنالوجی نے اچھی حکمرانی کو یقینی بنایا ہے۔'' تجزیہ کیجیے۔

(b) ہندوستان میں فرقہ وارانہ تشدد کے لیے ذمہ دار عوامل کا تجزیہ کیجیے۔

سوال 4 درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) آپ اپنے بنیادی حقوق کی کلاف ورزی ہونے کی صورت میں اس کا تحفظ کس طرح کریں گے؟ بیان کیجیے۔ (سبق 22 دیکھیے)

(b) ''ذات ہندوستانی سیاست پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے۔'' اپنے نقطہ نگاہ کے تائید میں موزوں مثالیں پیش کیجیے۔ (سبق 22 دیکھیے)

سوال 5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) بدعنوانی سے پاک سماج کو یقینی بنانے کے لیے مختلف اقدامات کے تجویز دیجیے۔ (سبق 24 دیکھیے)

(b) ''اچھی حکمرانی کے لیے عوامی شرکت ضروری ہے۔'' اس بیان کا جائزہ لیجیے۔

سوال6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے: 6

(a) اپنے پڑوس کے لوگوں سے ان کو درپیش ماحول سے متعلق مسائل کے نشاندہی کیجئے۔ پڑوس کے کم سے کم 20 لوگوں سے ان مسائل اور ان کے حل پر ان کی رائے لیجئے اور درج ذیل جدول میں تحریر کیجئے۔

| نمبر شمار | فرد کا نام | اہم ماحولیاتی مسائل | حل |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |
| 7 | | | |
| 8 | | | |
| 9 | | | |
| 10 | | | |
| 11 | | | |
| 12 | | | |
| 13 | | | |
| 14 | | | |
| 15 | | | |
| 16 | | | |
| 17 | | | |
| 18 | | | |
| 19 | | | |
| 20 | | | |

ماحول سے متعلق اہم مسائل پر پڑوس کے لوگوں کی رائے اور ان کے حل کی نشاندہی کرنے کے بعد درج ذیل نقاط کا ذکر کیجئے۔

(سبق 23 دیکھیں)

(i) آپ کے پڑوس کی سب سے بڑی یا خاص ماحولیات سے متعلق پریشانی۔

(ii) نقطۂ (i) میں ذکر کی گئی سب سے خاص ماحولیات سے متعلق پریشانی کے حل کے بارے میں بتائیے۔

(b) اپنے آس پاس موجود 20 خاندان کا سروے کیجئے اور دو فہرست بنائیے۔

(i) پہلی فہرست میں خواتین سے متعلق ریاست کی پالیسی کے ہدایتی اصولوں کی فہرست بنائیے۔

(ii) دوسری فہرست میں (i) میں دیئے گئے مختلف پالیسی ہدایتی اصولوں کے نفاذ میں درپیش چیلنجوں کا ذکر کیجئے۔

اس سروے کی بنیاد پر درج ذیل امور پر آپ کیا نتیجہ اخذ کریں گے۔

(i) خواتین سے متعلق ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصول موجود ہیں؟

(ii) خواتین سے متعلق ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصولوں کے نفاذ میں درپیش کا چیلنجوں کا بیان کیجئے۔ (سبق 7 دیکھئے)

# معاشیات
# Economics
# 318
## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبرات=20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔
(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

سوال 1: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) عالمی معیشت کو موٹے طور پر دو حصوں یعنی ترقی یافتہ معیشت اور ترقی پزیر معیشت میں درجہ بند کیا جاتا ہے۔ اس بیان کے روشنی میں ان دونوں معیشتوں کے درمیان درج ذیل خدمات کی بنیاد پر فرق واضح کیجیے۔ (سبق 1 دیکھیے)
(i) زراعت پر انحصار
(ii) بھاری آبادی کا دباؤ

(b) ''کسی بھی ملک کی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے منصوبہ بنانا ضروری ہے۔'' کیا آپ دیے گئے بیان سے متفق ہیں؟ دو وجہ بتائیے اور انہیں اپنے جواب کے تائید کے لیے سمجھائیے۔

سوال 2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ''نمو کے بغیر معاشی ترقی کا تقریباً کوئی تصور نہیں کیا جاسکتا'' اس بیان کو ذہن میں رکھتے ہوئے ترقی اور نمو (افزائش) کے تصور کے درمیان فرق کیجیے۔ (سبق 3 دیکھیے)

(b) ''کم ترقی یافتہ معیشت کو بڑی تعداد میں مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔'' دیئے گئے بیان کے حوالے سے کم ترقی یافتہ معیشت کی عام خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔ (سبق 3 دیکھیے)

سوال 3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ''بے روزگاری کی تعریف کسی ایسے شخص کے لیے کام نہ کرنے کی حالت کے طور پر کی جاتی ہے جو موجودہ شرح مزدوری پر کام کرنے کے لیے موزوں اور خواہش مند ہے۔'' یہ ایک غیر ارادی صورت ہے کہ رضاکارانہ بے کاری ہے'' درج بالا بیان کی روشنی میں بے روزگاری کی مختلف اقسام کی وضاحت کیجیے۔ (سبق 4 دیکھیے)

(b) شماریاتی ڈیٹا کو مرتب طور پر جدول، گراف اور چارٹ کے طور پر ڈائیگرام کو بنانے شامل اقدامات کی وضاحت کیجیے۔
(سبق 7 دیکھیے)

سوال 4: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے 4

(a) درج ذیل اصطلاحات کو سمجھائیے۔ (سبق 6 دیکھئے)

(i) اختصاصی سلسلہ

(ii) کھلے سرے کا سلسلہ

(iii) متزاید بیش پزیر) تواتر

(iv) درجہ حد

(v) ملان کا نشان

(b) بے روزگاری کی شرح محنت طاقت کا وہ فی صد ہے جو بغیر کام کا ہے۔اس کا شمار درج ذیل ہے:

بے روزگاری کی شرح= (بے روزگار مزدور/کل محنت طاقت/لیبر فورس )100x

بے روزگاری کی شرحیں حالانکہ مختلف تصورات کی بنیاد پر مختلف ہوتی ہیں۔کیا آپ بے روزگاری کی پیائش کے کچھ دیگر طریقوں کی تجویز پیش کر سکتے ہیں؟ (سبق 4 دیکھئے)

سوال 5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) ہندوستان کی مختلف ریاستوں میں معیار زندگی مختلف ہیں۔ کچھ ریاستیں تقابلی طور پر امیر ہیں تو کچھ تقابلی طور پر غریب ہیں۔ اسے ذہن میں رکھتے ہوئے ہندوستان میں بڑھتی علاقائی نابرابری کے اسباب کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 4 دیکھئے)

(b) ڈیٹا (اعداد وشمار) کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ ذرائع کے درمیان کیا فرق ہے؟ ابتدائی اور ثانوی ڈیٹا کے جمع کرنے کے مختلف ذرائع کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 6 دیکھئے)

سوال 6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے: 6

(a) جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ شماریاتی ڈیٹا پیش کرنے کا مقصد اطلاع کی موثر طور پر ترسیل کرنے کے لیے بصری مظاہرے کی قوت فراہم کرنا ہے۔ اسی معلومات کا خیال رکھتے ہوئے ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ پاس کے کسی اسکول میں جا کر انسانی علوم (ہیومنٹیز ) کامرس اور سائنس کے مضامین میں پچھلے تین سالوں سے داخل ہوئے طلباء کی تعداد سے متعلق اعداد وشمار اکٹھا کریں۔ اعداد وشمار کو کثیر بار ڈائیگرام، ذیلی تقسیم کے بار ڈائیگرام اور فی صد بار ڈائیگرام کی شکل میں پیش کریں۔

(b) ڈیٹا کو مختلف طریقوں سے دکھایا جا سکتا ہے۔ پائی ڈائیگرام جو کہ ایک دائرہ ہے جو کل کے مختلف اجزاء کے تناسب کو پیش کرنے کے لیے اجزاء سیکڑوں میں ذیلی طور پر تقسیم ہے، ڈیٹا کو سمجھنے اور قابل فہم طریقے سے پیش کرنے کے کئی طریقوں میں سے یہ ایک ہے۔ آپ اپنے گھر میں روزمرہ کے استعمال کی دس اشیاء کی پہچان کریں اور ان اشیاء (مثال کے لیے توتھ پیسٹ، دوا، دودھ، وغیرہ) پر ماہانہ خرچ کو نوٹ کریں۔ ماہانہ خرچ کی نمائندگی کرنے کے لیے ایک پائی چارٹ بنائیے۔ (سبق 7 دیکھئے)

# کاروباری مطالعہ
# Business Studies
# 319

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ

کل نمبرات=20

نوٹ:(i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھئے۔

سوال 1: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) سریش ایک عام آدمی ہے جو سوچتا ہے کہ کاروبار اور کامرس ایک ہی ہیں۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ سریش صحیح ہے؟ اگر نہیں تو کیوں؟ واضح کیجئے۔(سبق 1 دیکھئے)

(b) ''ایک کاروبار کاروباری کو نمو اور ترقی کے زبردست امکانات پیش کرسکتا ہے، لیکن یہ جوکھم سے پاک نہیں ہے۔'' کاروباری جوکھم کے دو اسباب کا ذکر کیجئے۔ (سبق 1 دیکھئے)

سوال 2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) PPP کیا ہے؟ اس کی خوبیاں کیا ہیں؟(سبق 6 دیکھئے)

(b) کثیر قومی کارپوریشن کیا ہے؟ کیا آپ کو لگتا ہے کہ کثیر قومی کمپنیاں کسی ملک کے لیے اہم ہیں؟ ہندوستان میں صحیح کام کر رہی کن ہی 5 کثیر قومی کمپنیوں کی کوئی مثال بیان کیجئے۔(سبق 6 دیکھئے)

سوال 3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) ای کامرس رکمپیوٹر اور آپس میں جڑے ٹیلی مواصلات نیٹ ورک کا استعمال کر کے الیکٹرانک آلات کی مدد سے کاروبار کو چلانا ہے۔

(b) ترسیل کیا ہے؟ کیا بغیر بولے ترسیل ممکن ہے؟ کیسے؟ ترسیل کے مختلف اقسام کی وضاحت کیجئے۔(سبق 2 دیکھئے)

سوال 4: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے 4

(a) اصطلاح کاروباری ماحول بیرونی طاقتوں، عوامل اور اداروں کو ظاہر کرتی ہیں جو کاروبار کے کنٹرول سے باہر ہے اور یہ کاروباری مہم جوئی کے کام کاج پر اثر انداز ہوتے ہیں۔''

دیے گئے بیان کی روشنی میں کاروبای فیصلوں کو متاثر کرنے والے عوامل کی وضاحت کیجئے۔(سبق 3 دیکھئے)

(b) ''کسی کاروبار کے لیے منافع کمانا اہمیت کا حامل ہے لیکن اس منافع کو کماتے وقت اخلاقی پابندی اتنی ہی اہم ہے۔ ہر کاروباری تنظیم ایک وسیع سماجی نظام کا حصہ ہوتی ہیں اور اس لیے وہ اخلاقی ہونے سے بچ نہیں سکتی۔'' دیئے گئے اس بیان کو پڑھ کر مختلف مفاداتی گروہ کے تئیں کسی کاروبار کی ذمہ داریوں کو شمار کیجئے۔(سبق 3 دیکھئے)

سوال5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) آپ اپنے دوست کے ساتھ ایک نیا کاروبار شروع کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں اور اس بات پر غور کر رہے ہیں کاروبار کی کون سی شکل کو چننا چاہیے۔ آپ دو شکلوں تک محدود ہو گئے ہیں۔ تنہا ملکیت اور ساجھے داری فرم۔ ان دونوں شکلوں میں سے کون سی شکل میں آپ اپنا کاروبار شروع کرنے کے لیے چنیں گے اور کیوں؟ (سبق 5 دیکھئے)

(b) درج ذیل قسم کے عوامی سیکٹر کے کاروباری اداروں کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 7 دیکھئے)

(i) محکمہ جاتی کاروبار

(ii) عوامی کارپوریشن (پبلک کارپوریشن)

(iii) سرکاری کمپنیاں

سوال6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے: 6

(a) اپنی پڑھائی پوری کرنے کے بعد آپ کی دوست ایک ریسپشنسٹ کے طور پر ملازمت تلاش کر رہی ہے لیکن اسے ملازمت کے لیے خالی جگہوں کے بارے میں کوئی بھی معلومات نہیں ہے۔ اسے آپ کی مدد چاہیے۔ کیا آپ ملازمت کے لیے خالی جگہوں کے بارے میں صحیح معلومات کے کچھ اہم ذرائع کی تجویز دے سکتے ہیں؟ ذرائع کے بارے میں تجویز دینے کے بعد ریسپشنسٹ کی ملازمت کے اس کا بایوڈیٹا ڈرافٹ کرنے میں بھی اس کی مدد کیجئے۔ (سبق 9 دیکھئے)

(b) ''سوربھ ایک کام کاجی پروفیشنل ہے جو اپنا خود کا کاروبار شروع کرنے کا خواہش مند ہے۔ وہ ایک چھوٹی سطح پر شروعات کرنا چاہتا ہے۔ لیکن اس کے پاس اپنے کاروبار کی مدد یا شروع کرنے کے لیے بہت زیادہ فنڈ نہیں ہے۔ وہ آپ سے تجویز حاصل کرنے کے لیے رابطہ کرتا ہے کہ فنڈ کا انتظام کیسے کریں۔'' ہندوستان میں چھوٹے کاروبار یا صنعتوں کی مدد کرنے والی ایجنسیوں کی ایک تفصیلی فہرست تیار کریں اور سوربھ کو اپنا کاروبار شروع کرنے کی کوشش میں مدد کیجئے۔ (سبق 8 دیکھئے)

# اکاؤنٹنسی

# Accountancy

# 320

# مارکڈ اسائن منٹ

کل نمبرات=20

نوٹ:(i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔
(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھئے۔

سوال1: درج ذیل سالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) آپ کے دوست کو اندازہ ہے کہ وہ اپنے دین داروں سے 47,000 روپے حاصل کرنے میں ناکام ہوگا۔ کیا وہ اس لین دین کا حساب بہی کھاتے میں درج کرے گا، اگر کرے گا تو کس قدر پر کریگا؟ (سبق 3 دیکھئے)

(b) دوہرا پہلو حساب نویسی (accounting) کی بنیاد یا بنیادی اصول ہے۔ حساب نویسی کے دوہرے پہلو کے تصور کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 2 دیکھئے)

سوال2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) حساب نویسی کی کون شاخ ایک مدت کے دوران کمائے گئے منافع یا واقع نقصان کا پتہ لگاتی ہے؟ اس شاخ کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 1 دیکھئے)

(b) کون سا حسابی تصور یہ بیان کرتا ہے کہ سبھی اثاثوں کا بہی کھاتوں میں اندراج ان کی لاگت قدر کی جاتی ہے۔ اس تصور کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 2 دیکھئے)

سوال3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) شری دیپک ایک کاروباری ہے۔ وہ نوٹ بک میں سبھی رسیدوں اور ادائیگی کا ریکارڈ کرتا ہے۔ مہینے کے آخر میں، وہ ڈائری میں نقدی کے توازن (بقایا) کا شمار کرنا چاہتا ہے۔ اس کا دوست اسے رسیدوں اور ادائیگی کے مدوں کو درج کرنے کے لیے ایک الگ بہی بنائے رکھنے کی تجویز دیتا ہے۔ اس سیاق وسباق میں نقد بہی کے تصور کو واضح کیجئے۔

(b) تطبیقی اندراج (adjusting entry) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ایک مثال دیجئے۔ (سبق 5 دیکھئے)

سوال4: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے 4

(a) 31 دسمبر 2020 کو میسرس ندیم کا اندازکا نقد بہی میں کریڈٹ بقایا 8,700 روپے ہے، 2,500 روپے کی رقم کے چیک بینک میں جمع کیے گئے لیکن بینک کے ذریعہ اکٹھا نہیں کیے گئے۔ فرم نے 2000 کے چیک جاری کیے جو ادائیگی کے لیے پیش نہیں کیے گئے تھے۔ سود کے لیے 350 روپے اور بینک فیس کے لیے 250 کا چارج پاس بک میں ڈیبٹ کیا گیا تھا۔ بینک کا مفاہمت بیانیہ تیار کیجئے۔ (سبق 10 دیکھئے)

(b) قبول کنندہ کے دیوالیہ پن کو واضح کیجئے۔ اس کے علاوہ بل لکھنے والے اور بل قبول کرنے والے کی کتابوں میں اس سے متعلق اندراجات کو بیان کیجئے۔ (سبق 11 دیکھئے)

سوال5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) درج ذیل غلطیوں کو درست کیجئے (سبق 12 دیکھیے)

(i) 10,200 کا مال ادھار خریدا گیا لیکن خرید بہی میں درج نہیں کیا گیا۔

(ii) خرید واپسی بہی کو 1500 سے زیادہ جوڑا گیا۔

(iii) رینا کو 4400 روپے کا مال فروخت کیا

(iv) ابھیشیک سے 2000 روپے نقد حاصل ہوا، لیکن بہی میں درج نہیں کیا گیا۔

(b) آپ کا دوست ایک اکاونٹنگ سافٹ ویر حاصل کرنے کا خواہش مند ہے۔ اکاونٹنگ سافٹ ویر حاصل کرنے سے آپ ان عوامل کی تجویز پیش کریں، جن پر اسے غور کرنا چاہیے۔ (سبق 13 دیکھئے)

سوال 6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے: 6

(a) میسرس اکشت اینڈ کمپنی کی ایک سادہ نقد بہی میں درج ذیل لین دین لکھئے۔ (سبق 7 دیکھئے)

| تاریخ | | رقم |
|---|---|---|
| یکم اپریل | نقد بدست | 35,000 |
| 6 اپریل | رادھیکا سے حاصل (250 ڈسکاؤنٹ کی اجازت کے بعد) | 2,000 |
| 8 اپریل | برکھا سے نقد سامان خریدا | 3,500 |
| 10 اپریل | اشتہار خرچ ادا کیا گیا | 600 |
| 18 اپریل | فروخت مال | 7,500 |
| 23 اپریل | ابھیسیک کا ادا کیا | 6,500 |
| 27 اپریل | نقد مشینری خریدی | 4,000 |
| 31 اپریل | کرایہ ادائیگی | 1700 |

(b) شری راج چاہتے ہیں کہ کھاتہ بہی میں مختلف لین دین کی کھتونی کرنے کی درستگی کی جانچ کریں۔ ان کے دوست نے انہیں ٹرائل بیلنس تیار کرنے کی تجویز دی۔ ٹرائل بیلنس تیار کرنے کے لیے اسے کن مختلف اقدامات کا خیال رکھنا چاہیے۔ (سبق 7 دیکھئے)

# ہوم سائنس

# (321)

# Home Science

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔
(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

(1) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) گھر اور گھریلو زندگی کے لیے ہوم سائنس کی معنویت کیا ہے۔(دیکھئے سبق 26)

(b) ایسے دو اخلاقی اصول بتایئے جن کی پابندی گھریلو زندگی اور کام کی جگہ پر ضروری ہوں۔(دیکھئے سبق 21)

(2) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے۔ 2

(a) غذا صرف ہماری جسم کی پرورش ہی نہیں کرتی بلکہ کچھ اور اہم کام بھی کرتی ہے:
غذا کے کوئی چار کام بتاتے ہوئے اس بیان کی وضاحت کیجئے۔(دیکھے سبق 4)

(b) غذا، تغذیہ اور صحت کے درمیان رشتے کی وضاحت کیجئے۔(دیکھئے سبق 4)

(3) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) ایسی دو خاندانی اقدار کا بیان کیجئے جن کو آپ کبھی ساتھیوں کے دباؤ کے باوجود بھی چھوڑنا پسند نہ کریں گے۔ اپنی زندگی کے لیے آپ نے جو دو مقصد طے کیے ہوں ان کو بھی لکھیے۔(دیکھئے سبق 2، 10، 11)

(b) اپنی والدہ کے کاموں کو مندرجہ ذیل جدول کے مطابق زمرہ بندی کیجئے۔(دیکھئے سبق 2، 10، 11)

| نمبر شمار | ہلکا کام | درمیانی کام | بھاری کام |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |

(4) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھئے۔ 4

(a) آپ کی والدہ کام کاجی لوگوں کے لیے کیٹرنگ سروس شروع کرنا چاہتی ہیں۔آپ مندرجہ ذیل امور کی وضاحت کرتے ہوئے ان کی رہنمائی کیجئے۔(دیکھئے سبق 5.8)

(i) بتائیے کہ آپ ایک غذائی پیرامڈ (اہرام) کا استعمال کیسے کریں گے۔

(ii) غذائی منصوبہ بندی کے دو فوائد لکھئے۔

(b) آپ کو اپنے گاؤں یا محلّہ کی خواتین کو کھانا تیار کرنے کے طریقوں کے بارے میں بتانا ہے۔آپ درج ذیل باتوں کی وضاحت کریں۔(دیکھئے سبق 8.5)

(i) کھانا کیوں پکایا جاتا ہے؟

(ii) کھانا تیار کرنے کے لیے کیا کیا تیاریاں کی جاتی ہیں؟

(5) کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) آپ کے یوتھ کلب نے آپ کو وسائل کے بارے میں ایک بیان دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔(دیکھئے سبق 10،14)

(i) سمجھائیے کہ وسائل کیا ہوتے ہیں۔انسانی اور غیر انسانی وسائل کی ایک ایک مثال دیجئے۔

(ii) توانائی (انرجی) کے تحفظ کے لیے کوئی چار اقدامات تجویز کیجئے۔(دیکھئے سبق 10،14)

(b) آپ نے وسائل کے بارے میں پڑھا ہے۔وسائل کے مینجمنٹ کے بارے میں مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجئے۔(دیکھئے سبق 10،14)

(i) مینجمنٹ کے عمل کے چار اقدامات لکھئے۔

(ii) آپ کا دوست کوئی بھی فیصلہ لینے سے پہلے پریشان ہو جاتا ہے۔اس کو اس صورتحال سے بچانے کے فیصلے کے عمل کے اقدامات بیان کیجئے۔

(6) مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) لاک ڈاؤن کے زمانہ میں آپ کا زیادہ وقت گھر پر گذرا۔اس مدت میں آپ نے جو کچھ بھی سیکھا ہے اس کو درج ذیل عنوانات کے تحت بیان کیجئے اور اپنے نوٹس کا اپنے دوستوں کے ساتھ اپنے دوستوں کے نوٹس سے مقابلہ کیجئے۔(دیکھئے سبق 1،3)

(i) لاک ڈاؤن کے زمانہ میں آپ کی فیملی نے آپ کی کس طرح مدد کی۔

(ii) کیا مشترکہ خاندانوں کو اس مدت میں کچھ فائدے ہوئے۔

(iii) کسی لڑکی کی زندگی میں ایجوکیشن کا ئی مثبت اثر چھوڑتی ہے! آپ کا کیا خیال ہے۔

(b) لاک ڈاؤن کی مدت میں آپ کو پیسوں اور وسائل کی کمی کا تجربہ ہوا ہوگا۔اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔(دیکھئے سبق 9،11،13)

(i) غذاؤں کے تحفظ کے کوئی چار طریقے بیان کیجئے۔جن کو آپ نے لاک ڈاؤن کے زمانے میں استعمال کیا ہو۔

(ii) لاک ڈاؤن کے زمانے میں ایک دن میں آپ نے جس ٹائم پلان کی پیروی کی اس کو بیان کیجئے۔

(iii) کیا آپ کے خیال میں ایک محفوظ مستقبل کے لیے پیسہ کی بچت ضروری ہے، دو وجوہات لکھئے۔

# Psychology

# نفسیات

# (328)

## سینئر سیکنڈری کورس

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

(1) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) آس پاس کے ماحول سے کلاسیکل التزام (کنڈیشننگ) کی دو مثالیں لکھیے۔ (دیکھئے سبق 6)

(b) آپ جنگل میں ٹریکنگ کے لیے جا رہے ہیں اور آپ نے اپنی دائیں طرف ایک سانپ کو رینگتے ہوئے دیکھا۔ اس صورت حال میں آپ کا ردّعمل کیا ہوگا۔ جذبہ (Emotion) کے کسی ایک نظریہ کا استعمال کر کے اپنے جوابات کی موافقت کیجئے۔ (دیکھئے سبق 10)

(2) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a) فعال التزام (اوپرمنٹ کنڈیشننگ) کے نظریہ کے مطابق کسی بچے کے اخلاقی آداب کو (Etiquettes) کو بڑھانے کے لیے کن طریقوں کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (دیکھئے سبق ۔۔)

(b) ترقی (ڈویلپمنٹ) کے مطالعہ کے لیے مختلف طرزِ عمل کی ایک فہرست تیار کیجیے اور روزمرہ کی زندگی سے ہر ایک کی ایک مثال بھی لکھئے۔ (دیکھئے سبق 11)

(3) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) موجودہ پس منظر میں پرسنالٹی ڈویلپمنٹ کے بارے میں فرائڈ کے نظریہ کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔ (دیکھئے سبق 17)

(b) انسان اور ماحول کا باہمی رشتہ ''دوجہتی'' ہے۔ اس بیان پر تبصرہ کیجئے۔ (دیکھئے سبق 23)

(4) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھیے۔ 4

(a) اپنے تجربات کی روشنی میں کم سے کم اپنی دو ایسی مشکلات بتائیے جن کا آپ کو نوجوانی (Adolesence) کے زمانے میں سامنا کرنا پڑا ہو۔ (دیکھئے سبق 13)

(b) کسی ایسے ہنر یا مہارت کو بیان کیجئے جس کو آپ بڑھاوا دینا چاہتے ہیں ۔ اس کے لیے ایک خود تعلیمی Self) (Instructional ٹریننگ (SIT) کی منصوبہ بندی کیجئے۔(دیکھئے سبق 17)

(5) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھیے۔ 4

(a) ایک شخص نے شراب نوشی کی عادت چھوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وہ اس عادت کی وجہ سے اپنی روزمرہ کی زندگی میں مشکلات سے دوچار تھا۔ اس عارضہ کی نشاندہی کیجئے اور اس کا نام بھی لکھئے۔ جس میں ایسا شخص مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس عادت کو چھوڑنے میں کون کون سے اقدامات شامل ہیں۔(دیکھئے سبق 20)

(b) آج کی مصروف زندگی میں ہر شخص مختلف قسم کے تناؤ اور دباؤ میں مبتلا ہے۔ آپ کو اپنی زندگی میں جن تناؤ یا دباؤ کا سامنا ہے، ان کی نشاندہی کر کے تحریر کریں۔ ان تناؤ اور دباؤ کے نتیجہ میں صحت کے لیے کیا خطرات پیدا ہو سکتے ہیں۔ لکھئے۔(دیکھئے سبق 25)

(6) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) ڈیولپمنٹ کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کیجئے۔ اپنے علاقہ کے کسی کمیونٹی ہیلتھ سینٹر میں جائیے اور دو سال تک کے بچوں کے جسمانی ڈویلپمنٹ کے بارے میں وہ تفصیلات اکٹھا کیجئے جسے کمیونٹی ہیلتھ سینٹر نے تیار کیا ہو۔ اکٹھا کیے گئے ڈاٹا کی بنیاد پر ایک مختصر رپورٹ تیار کیجئے اور اس ڈاٹا کو ایک گراف کی شکل میں دکھائیے۔(دیکھئے سبق 12-11)

(b) ماحول کے دو حصے ہیں۔ ایک فزیکل (جیسے شور، درجہ حرارت، ہوا، پانی وغیرہ) اور دوسرے نفسیاتی ماحول (کسی شخص کا ماحول کے بارے میں تصور اور تجربہ)۔ اپنے آس پاس کا مشاہدہ کیجئے اور ''ماحول پر انسانی برتاؤ اور انسانی برتاؤ پر ماحول کا اثر'' موضوع پر ایک رپورٹ تیار کیجئے اور ماحول پر انسانی برتاؤ کے مضر اثرات کو روکنے کے لیے کچھ اقدامات بھی تجویز کیجئے۔(دیکھئے سبق 23)

# کمپیوٹر سائنس
# (Computer Science)
## (330)
## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

سینئر سیکنڈری کورس | کل نمبر: 20

(i) نوٹ: سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

**سوال نمبر 1۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ **2**

(a) پرائمری میموری کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ RAM اور ROM کی بھی وضاحت کیجیے۔

(سبق۔1 دیکھیے)

(b) 3 GL's اور 4 GL's لنگویج کے درمیان کوئی چار فرق لکھیے۔

(سبق۔3 دیکھیے)

**سوال نمبر 2۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ **2**

(a) سلیکشن اسٹیٹمنٹ کسے کہتے ہیں؟ مکمل ++C پروگرام کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

(سبق۔14 دیکھیے)

(b) ترسیل کے مختلف طریقے کیا ہیں؟ (سبق۔5 دیکھیے)

**سوال نمبر 3۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ **2**

(a) ای۔ میل بھیجنے کے مراحل بیان کیجیے۔

(سبق۔7 دیکھیے)

(b) مندرجہ ذیل کے لیے لوجک سرکٹ ڈائیگرام بنائیے۔ (سبق۔2 دیکھیے)

(i) (A+B') (B+A'C)

(ii) X'Y + Y'Z + XYZ

**سوال نمبر 4۔** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) آپریٹنگ سسٹم کی مختلف اقسام کی وضاحت کیجیے۔ (سبق۔4 دیکھیے)

(b) مثال کی مدد سے Constructor اور Destructor کے تصور کو بیان کیجیے۔ (سبق۔18 دیکھیے)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔

(a) مندرجہ ذیل کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ (سبق۔5 دیکھیے)

(i) LAN اور WAN

(ii) اسٹار نیٹ ورک اور بس نیٹ ورک

(b) استعمال کنندہ سے ایک array میں 10 اعداد حاصل کرنے اور ببل سورٹ تکنیک کی مدد سے array کی سورٹنگ کے لیے ایک پروگرام لکھیے۔ (سبق۔16 دیکھیے)

**سوال نمبر 6۔** مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) آپ ایک آئی ٹی کمپنی میں مینیجر کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔ آپ اسکول ویب سائٹ کے لیے پروجیکٹ کی تشکیل کرنا چاہتے ہیں۔ پروجیکٹ مینجمنٹ سائیکل کے کچھ پوائنٹر لکھیے۔

(سبق۔27 دیکھیے)

(b) مسٹر کرشنا ایک اسکول ٹیچر ہیں۔ وہ آئی ٹی سے متعلق ایک تقریب اور انٹر اسکول کمپیوٹر مسابقتی پروگرام کا انعقاد کرنا چاہتے ہیں۔ HTML کا استعمال کر کے 5 صفحات پر مشتمل ایک ویب سائٹ تیار کیجیے۔
(سبق۔24 اور 25 دیکھیے)

# سماجیات

# Sociology

# 331

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ

کل نمبرات=20

نوٹ:(i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھئے۔

سوال 1: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ''جذبات کی تاریخی اور ثقافتی وراثت ہوتی ہے؟'' اپنے جواب کی تائید میں مثالیں دیجئے۔(سبق 7 دیکھئے)

(b) غیر رسومی پابندی، مثبت اور منفی دونوں ہی ہر ایک سماج کی معمول کی خصوصیات ہیں۔'' اس بیان کا جائزہ لیجئے۔(سبق 8 دیکھئے)

سوال 2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) واضح کریں کہ ''تعاون کس طرح ایک انجمنی یا متعلق عمل ہے۔'' (سبق 10 دیکھئے)

(b) بیان کیجئے کہ معیار کس طرح قدروں کی عکاسی کرتے ہیں؟ (سبق 8 دیکھئے)

سوال 3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) کس طرح ہر ایک حیثیت میں متعدد کردار مثالی طور پر شامل ہیں؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔(سبق 9 دیکھئے)

(b) آپ کے خیال میں ثقافتی سنگم (acculturation) ایک شعوری یا غیر شعوری عمل ہے؟ واضح کیجئے۔(سبق 11 دیکھئے)

سوال 4: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے 4

(a) کثیرا کائیت (تکثیریت) کس طرح ہندوستانی سماج میں رائج روایتی قدروں میں سے ایک ہے؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔(سبق 8 دیکھئے)

(b) مناسب مثالوں کے ساتھ معیارات اور قدروں کے درمیان رشتے کو بیان کیجئے۔(سبق 8 دیکھئے)

سوال 5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) کار مفوضہ (ascribed rules) اور حاصل کردہ کرداروں میں فرق مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔(سبق 9 دیکھئے)

(b) ''ثقافت پیدائشی نہیں ہوتی ہے'' اپنے خود کے تجربے کی بنیاد پر مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔(سبق 11 دیکھئے)

سوال 6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے: 6

(a) اپنے پڑوس میں 10 خاندانوں کا ایک سروے کیجئے۔ ایسی 10 خواتین اور 10 مردوں کا انٹرویو لیجئے اور ان کی تعلیمی سطح، کام کے

گھنٹے،ان کے کرداراوران کی ذمہ داریوں کو جاننے کی کوشش کیجئے۔جن کے بچے اسکول جاتے ہوں۔ان عورتوں اور مردوں کی مختلف حالات میں ان کے کرداراوران کی ذمہ داریوں کی بنیاد پر خاندان میں ان کے کردار کا تقابلی جائزہ لیجئے۔

| خاندان میں مختلف کرداراور ذمہ داریاں | خاندان کے سربراہ کے طور پر مردوں کے ذریعہ کیے گئے کام | خاندان کے سربراہ کے طور پر خاتون کے ذریعہ کیے گئے کام |
|---|---|---|
| 1۔گھریلو دیکھ بھال کی ذمہ داریاں | | |
| 2۔بزرگ ممبروں کی دیکھ بھال کرنا | | |
| 3۔رشتہ داروں کا خیال رکھنا | | |
| 4۔بچوں کی صحت کا خیال رکھنا | | |
| 5۔بچوں کی تعلیم کا خیال رکھنا | | |

(b) اپنے آس پاس کے کسی سیکنڈری اسکول کا دورہ کریں۔وہاں جائیے اوراسکول میں درس وتدریس کے پروگرام کو بہتر انداز سے چلانے کے لیے تدریسی اور غیر تدریسی عملہ اوراسکول مینجمنٹ کمیٹی کے ممبروں کے ذریعہ لیے جارہے کاموں پر ایک تفصیلی نوٹ لکھئے۔اپنے مشاہدہ کی بنیاد پر یہ بھی لکھیں کہ یہ سبھی لوگ کس طرح اسکول میں ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

# پینٹنگ

# Painting

# 332

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبرات=20

نوٹ:(i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھئے۔

سوال 1: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) آپ کے مطالعاتی مواد میں دیے گئے ہڑپا کے دور کی کسی مجسمہ سازی کی کسی ایک اہم خصوصیت کے بارے میں لکھیئے (سبق 1 دیکھئے)

(b) سارناتھ کی بیٹھی ہوئی مدرا میں بدھ کی مورتی کو فن کی ایک بہترین مثال کیوں مانا جاتا ہے؟ اس مورتی کو بنانے کی تاریخ لکھئے۔ (سبق 2 دیکھئے)

سوال 2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) کن ہی چار اسباب کا ذکر کیجئے جس کی وجہ سے تاج محل مغل فن تعمیر ایک عمدہ مثال کے طور پر جانا جاتا ہے۔ (سبق 6 دیکھئے)

(b) ''راجستھانی اسکول کے کشن گڑھ کے مصور نہال چند کی پینٹنگ کا ہندوستانی چھوٹی تصویر میں ایک خاص مقام ہے''، اس پینٹنگ کا نام لکھیئے۔ اسے خاص مقام کیوں حاصل ہے؟ (سبق 8 دیکھیں)

سوال 3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) مجسمہ سازی کے لیے رام کنکر کس طرح کے مواد کا استعمال کرتے تھے؟ رام کنکر کی کسی ایک مورتی (مجسمہ) کا نام لکھیے اور اس کا بیان کیجئے۔ (سبق 8 دیکھیے)

(b) عصری دور کے فن کے میدان میں چار فنکاروں کے نام لکھئے۔ ان میں سے کسی ایک کا فن کے میدان میں اشتراک بیان کیجئے۔ (سبق 3 دیکھئے)

سوال 4: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے 4

(a) ایسٹ انڈیا کمپنی کے ذریعہ ہندوستانی فنکاروں کی تقرری کا مقصد کیا تھا؟ (سبق 6 دیکھئے)

(b) کمپنی اسکول کو پٹنہ اسکول کے نام سے بھی کیوں جانا جاتا ہے؟ (سبق 11 دیکھئے)

سوال 5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) تنجور پینٹنگ کی تکنیک کا بیان کیجئے۔ دکن پینٹنگ کی چار اہم خصوصیات لکھیئے۔ (سبق 10 دیکھئے)

(b) کس لوک فن نے کانتھا موٹف کو متاثر کیا ہے؟ کانتھا کے ڈیزائن اور موٹف کے ذرائع کے بارے میں لکھئے۔ کانتھا طرز کے بارے میں مختصراً لکھئے۔ (سبق 14 دیکھئے)

سوال 6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے: 6

(a) پھولوں سمیت ایک پھولدان کو رکھیئے اور پھولوں کی شکل اور اس کے تنے کی بناوٹ کے بارے میں لکھئے۔ ایک الگ صفحے پر اس کا خاکہ بنایئے اور واٹر کلر کی شفاف تکنک میں پینٹ کیجئے۔

(b) مختلف رنگوں کے پیپر کو مختلف بناوٹ اور شکلوں جیسے گول، مربع، مثلث اور چوکور وغیرہ میں کاٹیں اور اس کے بعد دیئے گئے مقام میں مناسب توازن کرنے کے ساتھ اسے مرتب کیجئے۔

# ماحولیاتی سائنس

# Environmental Science

## (333)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر**:20

(i) نوٹ: سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

**سوال نمبر 1۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) زمین کی بفرنگ صلاحیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ یہ جاندار اجسام کی بقا کے لیے اتنی اہم/ ضروری کیوں ہے؟ وجہ بیان کیجیے۔ (سبق۔1 دیکھیے)

(b) زراعت اور مویشی پالن دونوں کا ارتقا ایک ساتھ کیوں ہوا ہے؟ اپنے جواب کی حمایت میں وجوہات پیش کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیے)

**سوال نمبر 2۔** ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) ''شہر کاری نے قدرتی وسائل کی کھپت اور کچرے کی پیداوار کو بڑھا دیا ہے۔'' اپنے جواب کی حمایت میں وجوہات پیش کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)

(b) جدید زراعت میں گھن مار دواؤں اور کیمیائی کھاد کا بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ ہم ان کا استعمال کیوں کرتے ہیں اور ان کے کام ایک دوسرے سے کس طرح مختلف ہیں؟ (سبق۔2 دیکھیے)

**سوال نمبر 3۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) مچھلیاں پروٹین کا بہترین ذریعہ ہیں اور ماہی پروری کی بدولت مچھلیوں کی پیداوار میں کافی حد تک اضافہ ہوا ہے۔ اس بڑھوتری کی وجہ سے مچھلیوں میں کچھ نقصان دہ اثرات کا بھی مشاہدہ کیا گیا ہے۔ کوئی چار نقصان دہ اثرات کو بیان کیجیے۔ (سبق۔20 دیکھیے)

(b) سندر بن مینگرو (چمرنگ جنگلات) کا تعلق کس ماحولیاتی نظام سے ہے؟ اس علاقے میں پائے جانے والے اہم نباتات اور حیوانات کے نام لکھیے۔ ان کی اہم خصوصیات بھی بیان کیجیے۔ (سبق۔6 دیکھیے)

**سوال نمبر 4۔** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ **4**

(a) صفائی کارکنان کو سماج میں ایک باوقار مقام حاصل کرنے کی سمت سلبھ انٹرنیشنل کی کاوشوں کو تفصیل کے ساتھ بیان کیجیے۔ (سبق۔25 دیکھیے)

(b) فصلی زمین میں زرعی کیمیائی اشیا کے بہت زیادہ استعمال کی وجہ سے ماحول پر پڑنے والے اثرات کو بیان کیجیے۔ (سبق۔10 دیکھیے)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔

(a) ملک کے ہر ایک شہری کے دل میں ماحولیاتی اخلاقیات کے جذبے کو بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ ایسے کوئی چار طریقے بیان کیجیے جن کے ذریعے اس کام کو انجام دیا جاسکتا ہے۔ (سبق۔26 دیکھیے)

(b) انسانوں کے ذریعے قدرتی ماحولیاتی نظام کو تبدیل کیے جانے کی کیا وجوہات ہیں؟ ایسے چار طریقوں کا ذکر کیجیے جن میں شجرکاری قدرتی ماحولیاتی نظام سے مختلف ہے۔

**سوال نمبر 6۔** مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تقریباً 500 الفاظ میں تیار کیجیے۔

(a) اتراکھنڈ میں چمولی ضلع کے تحت آنے والے جوشی مٹھ میں 7 فروری 2021 کو ایک برفانی طوفان آیا جس کی وجہ سے دھولی گنگا اور رشی گنگا دریاؤں میں زبردست سیلاب آنے کا امکان پیدا ہوگیا۔ اس برفیلے طوفان کی وجہ سے دو ہائڈروپاور پروجیکٹ کو بھاری نقصان پہنچا تھا۔ اس برفانی طوفان سے متعلق ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے جس میں مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب شامل کیے جائیں۔

(i) ہمالیائی علاقے میں آنے والے اس برفانی طوفان کی اہم وجہ کیا ہے؟

(ii) اس برفانی طوفان کی وجہ سے ہونے والے نقصان مثلاً املاک اور انسانی زندگی کے نقصان نیز متاثرہ خطے کو پہنچنے والے نقصان کا تخمینہ لگائیے۔

(iii) کیا اس بات کا کوئی ثبوت موجود ہے کہ ماضی میں بھی اس قسم کا واقعہ رونما ہو چکا ہے۔

(iv) مرکزی حکومت، ریاستی حکومت اور مقامی حکومت کے ذریعے فراہم کی گئی مدد پر بحث کیجیے۔

(v) مستقبل میں کیا احتیاط برتنی چاہیے۔ اس موضوع پر رپورٹ لکھنے کے لیے آپ پرنٹ میڈیا/انٹرنیٹ یا الیکٹرانک میڈیا سے معلومات جمع کر سکتے ہیں۔ آپ اسکریپ بک/فلپ چارٹ/فلپ کارڈ/پاور پوائنٹ پیشکش تیار کر سکتے ہیں۔

(b) کووڈ-19 کا سب سے پہلا معاملہ چین کے شہر ووہان میں سامنے آیا تھا، بعد میں یہ بیماری ایک وبا کی شکل میں دنیا بھر میں پھیل گئی۔ اکثر ممالک نے اپنے علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن نافذ کر دیا تھا۔ مندرجہ ذیل نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ایک مختصر رپورٹ تیار کیجیے۔

(i) بیماری کو پھیلانے والے عضویے کا سائنسی نام اور علامات

(ii) وجہ–ترسیل

(iii) بچاؤ/روک تھام

(iv) تشخیص

(v) علاج

(vi) توّاہمات–(موافق دلائل اور مخالف دلائل)

اپنے طرز زندگی کے بارے میں اپنے تجربات تحریر کیجیے۔کیا آپ نے لاک ڈاؤن کے دوران ماحول میں کسی قسم کی تبدیلی کا مشاہدہ کیا ہے،اگر ہاں تو اپنے تجربات بیان کیجیے۔

# ترسیل عامہ

# (335)

# Mass Communication

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھئے۔

(1) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 سے 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) کسی اخبار سے مختلف قسم کی تین خبروں کو کاٹیں اور مناسب انداز میں انہیں چپکائیں۔ ان خبروں کو پڑھیں اور خبروں کی تعریف لکھیں۔ (دیکھئے سبق 6)

(b) 'آتم نربھر بھارت' مہم پر بیداری کے لیے ایک کارگر 'ٹیگ لائن' لکھئے۔ (دیکھئے سبق 17)

(2) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 سے 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) روایتی میڈیا (ذرائع ابلاغ) کی مختلف اقسام کا نام لکھئے۔ اپنے پسندیدہ کن ہی تین روایتی میڈیا کی تصویر بنائیں یا چپکائیں۔ (دیکھئے سبق 26)

(b) کمیونٹی ریڈیو پر نشریہ کے لیے اپنی پسند کے متعلقہ موضوع پر اسکرپٹ تیار کیجئے۔ (سبق 10 دیکھئے)

(3) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 سے 60 الفاظ میں دیں۔ 2

(a) NIOS کی اہم خصوصیات کو نمایاں کرتے ہوئے اشتہار کے لیے ایک جنگل (Jingle) تیار کیجئے۔ (دیکھئے سبق 18)

(b) 'براڈ شیٹ' اور 'ٹیبلائڈ' قسم کے اخباروں کے بارے میں مختصراً بیان کیجئے۔ سماجی امور و مسائل کی بنیاد پر کن ہی چار تصویروں کو اخباروں سے کاٹیں اور ایک 'کولاژ' بنائیں۔ (سبق 5 دیکھئے) 2

(4) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 سے 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) حکومتی رابطہ عامہ کی ساخت اور حکمت عملی کو سمجھاتے ہوئے صاف پینے کے پانی کے مسئلے پر ایک بیداری مہم تیار کیجئے۔

(b) کیمرے سے مختلف حصوں کے بارے میں لکھئے اور کسی اخبار یا رسالے سے کاٹ کر ڈیجیٹل کیمرے کی تصویر پر چپکائیں۔ فوٹو گرافی میں لینس کے استعمال اور اہمیت کا ذکر کریں۔ (سبق 25 دیکھئے)

(5) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 100 سے 150 الفاظ میں دیجئے۔

(a) خبروں کی مختلف شکل بیان کیجئے اور کسی اخبار میں شائع خبروں کو ریڈیو پر نشر کرنے کے لیے اس کی شکل تبدیل کریں۔

(سبق 21 دیکھئے)

(b) نیومیڈیا میں کمپیوٹر کے کردار اور اہمیت کو تفصیل سے بیان کریں۔ آپ کے دوستوں موبائل فون کے بڑھتے رجحان، استعمال اور اثرات پر ایک رپورٹ تیار کیجئے۔

(6) دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے 6

(a) ہندوستان میں نیومیڈیا کے پھیلاؤ کو پیش کرتے ہوئے 20 تصویروں کو جمع کر کے ایک فوٹو فیچر تیار کیجئے۔ اس فوٹو فیچر کو مناسب کیپشن (عنوان دیتے ہوئے ایک رپورٹ لکھئے۔ (سبق 21 اور 25 دیکھئے)

(b) ایک وزیول (بصری) ذریعہ کے طور پر ٹیلی ویژن کا استعمال تعلیم کو فروغ دینے میں کیسے کیا جا سکتا ہے۔ ایک تفصیلی اشتہاری مہم تیار کیجئے۔ (دیکھئے سبق 14 اور 18)

# ڈیٹا انٹری آپریشنز
# (Data Entry Operations)
## (336)
## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

سینئر سیکنڈری کورس  **کل نمبر:** 20

(i) نوٹ: سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

**سوال نمبر 1۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) راہل اپنے گھر کے لیے نیا کمپیوٹر خرید رہا ہے۔ مختلف قسم کے ہارڈ ویئر کے نام اور ان کی تفصیل کے ساتھ اس کی مدد کیجیے۔ (سبق–1 دیکھیے)

(b) ونڈوز سب سے زیادہ استعمال کیا جانے والا آپریٹنگ سسٹم ہے کیوں کہ اسے استعمال کرنا بہت آسان ہے۔ نئے سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کو انسٹال کرنا بھی آسان ہے۔ ایسا کرنے کے لیے اہم اقدامات بیان کیجیے۔ (سبق–2 دیکھیے)

**سوال نمبر 2۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) ونڈوز XP اور ڈیسک ٹاپ ایلیمنٹ کی وضاحت کیجیے۔ (سبق–2 دیکھیے)

(b) کمپیوٹر سسٹم میں سافٹ ویئر ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔ سافٹ ویئر کے مختلف اقسام بیان کیجیے۔ (سبق–1 دیکھیے)

**سوال نمبر 3۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) راجیش اس دستاویز کا نام بھول گیا ہے جس میں وہ MS-Word میں کام کر رہا تھا۔ اس فائل کو تلاش کرنے میں اس کی مدد کرنے کے لیے اقدامات لکھیے۔ (سبق–3 دیکھیے)

(b) ورک شیٹ کے تحفظ کے لیے اہم اقدامات لکھیے۔ (سبق–6 دیکھیے)

**سوال نمبر 4۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔

(a) ایکسل ورک شیٹ میں کلپ آرٹ شامل کرنے کے لیے اہم اقدامات لکھیے۔ (سبق–8 دیکھیے)

(b) پاور پوائنٹ میں مختلف سلائڈ لے آؤٹ کے نام اور ان کی تفصیل لکھیے۔ (سبق–9 دیکھیے)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔

(a) شرما جی ایک اسکول میں سماجی علوم کے استاد ہیں۔ وہ اپنے طلبا کے لیے کچھ اسائنمنٹ تیار کر رہے ہیں۔ اسائنمنٹ کی تشکیل کرتے وقت وہ مندرجہ ذیل کاموں کو انجام دینا چاہتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان کی مدد کرنے کے لیے مختلف اقدامات لکھیے۔ (سبق–4 دیکھیے)

(i) دستاویز میں پیج باڈر کو شامل کرنا

(ii) اسپیل چیک یوٹیلٹی

(iii) دستاویز کو پرنٹ کرنا

(b) ڈیٹا کی ان مختلف اقسام کے نام لکھیے جنھیں ایکسیل سیل میں داخل کیا جاسکتا ہے؟ (سبق–6 دیکھیے)

(c) ایک مثال کی مدد سے SumIf () فنکشن کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ (سبق–8 دیکھیے)

**سوال نمبر 6۔** مندرجہ ذیل پروجیکٹ کی فہرست میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(a) اپنے نزدیک کے کسی ڈپارٹمنٹل اسٹور پر جائیے اور مندرجہ ذیل معلومات جمع کیجیے۔

(سبق–10 دیکھیے)

(i) وہ کس قسم کا انٹرنیٹ کنکشن استعمال کر رہے ہیں؟

(ii) اگر وہ کسی ویب سائٹ کو استعمال کر رہے ہیں تو اس کا URL لکھیے۔

(iii) ISP کا نام لکھیے۔

(iv) اس ای میل آئی ڈی کو لکھیے جسے وہ اپنے صارفین کی مدد اور رابطے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔

(b) ''اوپن سورس سافٹ ویئر کی اہمیت'' عنوان پر ایک پاور پوائنٹ پیشکش تیار کیجیے۔ اس میں مندرجہ ذیل ہر ایک پر مشتمل ایک سلائڈ شامل کیجیے۔ (سبق–9 دیکھیے)

(i) اوپن سورس سافٹ ویئر کیا ہے؟

(ii) اوپن سورس سافٹ ویئر کی آزادی

(iii) مختلف قسم کے اوپن سورس سافٹ ویئر

(iv) اوپن سورس سافٹ ویئر کی اہمیت

# سیاحت

# (337)

# Tourism

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت:(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھیے۔

(1) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 سے 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) وزارت سیاحت کے تحت کسی دو خودمختار اداروں کی پہچان کیجئے اور ان کے بارے میں مختصراً بیان کیجئے۔ (دیکھئے سبق 2)

(b) کچھ عوامل کی شناخت کیجئے جو دنیا میں سیاحت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ (دیکھئے سبق 14)

(3) ہندوستانی وراثت کی اہم امتیازی خصوصیات کی پہچان مختصراً بیان کیجئے۔ (دیکھئے سبق 16)

(b) ہندوستانی سیاحت میں نئے جہات ابھر رہے ہیں، ان میں سے کچھ کو درج فہرست کیجئے۔ (دیکھئے سبق 13)

(4) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 سے 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2

(a) تسلسل اور تبدیلی ہندوستانی ثقافت نمایاں پہچان رہی ہیں۔ موزوں مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

(b) مذہبی سیاست قدیم زمانے سے جاری رہی ہے۔ کچھ مذہبی مقامات کی پہچان کیجئے اور ان کے بارے میں مختصراً بیان کیجئے۔ (دیکھئے سبق 9)

(5) درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً 100 سے 150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

(a) ''آن دی جاب'' (ملازمت کے دوران) اور ''آف دی جاب'' (بغیر ملازمت کے) ٹریننگ (تربیت کے طریقوں کے درمیان فرق کیجئے۔ (دیکھئے سبق 17)

(b) زبانی ترسیل کے فائدے اور نقصان کو درج فہرست کیجئے۔ (دیکھئے سبق 18)

(6) نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) اپنے علاقے کے سیاحتی عمل (ٹور آپریشن) کی ایک فہرست بنائیے۔ یہ پتہ کیجئے کہ وہ کتنے طرح کے ہوتے ہیں اور یہ بھی معلوم کیجئے کہ کورونا وبا نے ان کے کام کو کیسے متاثر کیا ہے۔

(b) ملک کے مختلف حصوں میں مقبول عام پکانے کے فن کی ایک فہرست بنائیے۔ اپنے علاقے کے کچھ ریسٹورنٹ میں جا کر یہ پتہ کیجئے کہ ان میں سے کتنے وہاں دستیاب ہیں۔

# قانون: ایک تعارف

# 338

# Introduction to Law

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ہدایت: (i) تمام سوال لازمی ہیں۔سوالوں کے نمبران کے سامنے درج ہیں؛

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، ادارے کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجیے:

(a) ہندوستانی آئین کی تمہید آئین کے ایک شاخ کے طور پر کام کرتی ہے۔مثال کے ذریعہ اس بیان کی موافقت کیجیے۔ (سبق 18)

(b) ایک تنظیم ملازم کو اس کی جائے پیدائش کی بنیاد پر ترقی نہیں دے رہی ہے۔اگر ایسا ہے تو تنظیم نے کس بنیادی حق کی خلاف ورزی کی ہے اور اس بنیادی حق کی کیا سہولتیں ہیں۔

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔ 2

(a) آئین یا دستور اساس کے کیا معنی ہیں؟ آئین پسندی (کانسٹی ٹیوسنلزم) کے تصور کی وضاحت کیجیے۔(سبق 18)

(b) آئین نے جو چھ بنیادی حقوق عطا کیے وہ کون سے ہیں؟ ان حالات کو بیان کیجیے جب ان حقوق کو معطل کیا جا سکتا ہے۔ (سبق 19)

3۔ کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔ 2

(a) سزا کے اصلاحی نظریہ کی دو مثالیں بیان کیجیے۔(سبق 7)

(b) قانون فوجداری کا مقصد سماج میں ڈسپلن یا نظم وضبط کو برقرار رکھنا ہے۔مندرجہ بالا بیان کے حوالہ سے قانون فوجداری کے اصول کی وضاحت کیجیے۔(سبق 8)

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) گھریلو قانون کے ذرائع کیا ہیں اور گھریلو قانون کو کیسے لاگو کیا جاتا ہے۔(سبق 9)

(b) مندرجہ ذیل کی وضاحت کیجیے:

(i) یونین فہرست (ii) مشترکہ فہرست (سبق 9)

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کو 100 سے 1500 لفظوں میں حل کیجیے: 4

(a) ہم سبھی امکانی غلط کار لوگوں کو سزا کے خوف کے ذریعہ جرم کرنے سے روک سکتے ہیں۔اگر ایسا ہے تو اپنے جواب کی

موافقت میں دو دلیلیں بیان کیجئے۔ (دیکھیے سبق.....)

(b) بنیادی حقوق شہریوں کی ہمہ جہتی ترقی کے لیے اہم ہیں۔ مناسب مثالوں کے ذریعہ بنیادی حقوق کی ضرورت اور اہمیت کی وضاحت کیجئے۔

6۔ کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجئے:

(a) کالم A میں آئینی چارہ جوئی کے معنی دیے گئے ہیں۔ آپ کالم B میں معنی سے متعلق آئینی چارہ جوئی کا نام لکھئے:

| | کالم A | کالم B |
|---|---|---|
| مثال | سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس رٹ جاری کر سکتے ہیں یا حکم دے سکتے ہیں؟ | آئینی چارہ جوئی |
| 1 | یہ ریاست کے لیے کسی شخص کو جسمانی طور پر پیش ہونے کے واسطے عدالت کا حکم ہوتا ہے۔ | |
| 2 | کسی اعلی کورٹ کا ماتحت عدالت کے لیے اپنی ذمہ داری نبھانے کا حکم ہوتا ہے۔ | |
| 3 | کسی شخص کو پبلک آفس میں کام کرنے سے روکنا | |
| 4 | مطلع کیا جائے کہ کیا چل رہا ہے | |
| 5 | کسی نچلی عدالت کو ایسی کارروائی روکنے کا اعلیٰ عدالت کا حکم جو اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہو | |

(b)

| | کالم A | کالم B |
|---|---|---|
| مثال | 12 سال کی عمر کا بچہ کام کر رہا ہے اور کہیں پڑھائی نہیں کر رہا ہے | گاندھی وادی اصول |
| 1 | ایک گاؤں پنچایت کے کاموں کا نظام نہیں کر رہا ہے | |
| 2 | اگر کسی شخص کو زندہ رہنے کے لیے نوکری اور گزارے کی جگہ نہیں مل رہی ہے | |
| 3 | ایک ادارے میں کسی آدمی ایک عورت سے زیادہ تنخواہ ایک ہی پوزیشن پر رہتے ہوئے دی جا رہی ہے | |
| 4 | ایک صدبہ سرحدی ملک کے معاملات میں مداخلت کر رہا ہے | |
| 5 | ایک تاریخی عمارت کو نقصان پہنچا ہے | |
| 6 | چھوٹے پیمانے پر ہونے والے کاروبار کو قائم رہنے کے لیے مدد نہیں مل رہی ہے | |

# لائبریری اور انفارمیشن سائنس
# (339)
# Library & Information Science
## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

ضروری ہدایت:

(i) سب سوال لازمی ہیں۔سوالات کے نمبران کے سامنے لکھ دیئے گئے ہیں

(ii) جوابات کی کاپی کے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھیں

(1) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) آپ نے حال ہی میں کالج لائبریری میں نوکری شروع کی ہے۔آپ طلبا کے لیے کتب و رسائل وغیرہ کی دستیابی کو بہتر بنانے کے لیے کیا اقدامات کریں گے۔(دیکھئے سبق 2)

(b) ہر لائبریری کے مقاصد کو حاصل کرنے میں داخلے کا کھلا نظام کافی مددگار رہوتا ہے۔متعلقہ لائبریری قوانین کے حوالہ سے وضاحت کیجئے۔(دیکھیے سبق 4)

(2) مندرجہ ذیل میں سے کسی کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے۔ 2

(a)JNU کی ڈیجیٹل لائبریری کی ویب سائٹ پر جائیے۔''معذور افراد'' کے لیے مہیا خدمات کے بارے میں معلومات کی تلاش کیجئے۔(دیکھئے سبق 3)

(b) کرنٹ کانٹینٹس کنیکٹ (Current contents connect) ایک حالیہ بیداری ڈاٹا بیس ہے۔اس کی ویب سائٹ پر جا کر اس کی چار خصوصیات کو بیان کیجئے۔(دیکھئے سبق 8)

(3) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے۔ 2

(a) ''میک گراہل ڈکشنری آف سائنٹفک اینڈ ٹیکنکل ٹرمس'' دراصل سائنس اور ٹیکنولوجی مختلف شعبوں کی اصطلاحات کی ایک جامع لغت ہے۔اس کی ویب سائٹ پر جائیے اور اس ڈکشنری میں مذکور سائنس اور ٹیکنولوجی کے موضوعات کی ایک فہرست تیار کیجئے (دیکھئے سبق 7)

(b) ویب سائٹ پر جائیے اور پتہ لگائیے کہ نیشنل اکیڈمک پریس کیا ہے۔اس کی پیرنٹ (مورث) کمپنی، ہیڈ کوارٹر کا پتہ اور اس کی مطبوعات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے۔(دیکھئے سبق 8)

(4) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے۔ 4

(a) ڈیجیٹل لائبریری آف انڈیا کی ویب سائٹ دیکھیں۔اس کی تاریخ، اقسام کتابوں اور رسائل وغیرہ کی تفصیل اور ان کی ڈلیوری کا

فارمیٹ بھی لکھئے۔(دیکھئے سبق 3)

(b) کسی پبلک لائبریری میں جایئے اور ڈکشنری، انسائیکلوپیڈیا، سالنامہ (ایر بک) فیڈ بک میں سے ہر ایک دو ٹائٹلوں کی تلاش کیجئے۔ ان کے نام، پبلشر، مقصد اور خصوصی معلومات کے بارے میں لکھئے۔(دیکھئے سبق 7)

(5) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے۔ 4

(a) انٹرنیٹ کے ذریعہ کسی کالج اور یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر جایئے، ان کے نام URLs بھی لکھئے۔ درج ذیل کے حوالے سے ان دونوں کا موازنہ اور مقابلہ کیجئے۔(دیکھئے سبق 14)

- قارئین کی مشواتی خدمات
- ڈیجیٹل ریفرینس خدمات
- ویب 2.0 ٹول

(b) آٹھ جرنلوں کی ویب پر جایئے۔ ان کے نام، موضوع، پبلشر اور ہر ایک کا پتہ لکھیے۔(دیکھئے سبق 8)

(6) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

(a) آپ دلّی لائبریری سسٹم (DULS) (crl.du.ac.in) کی ویب سائٹ پر جایئے اور وہاں سے Remote Login، اصول وضوابط، انفارمیشن خواندگی پروگرام، تازہ کتابوں، ای بک خریداری پالیسی اور ٹریننگ کے بارے میں دستیاب معلومات نوٹ کیجئے۔

(b) انسٹی ٹیوشنل ریلوز میٹری ایک آن لائن ڈاٹا بیس ہے جو کسی ادارے کے مقالات، تحقیقی مقالات اور ای پرنٹ کے ڈیجیٹل کنکشنوں تک دسترس فراہم کرتا ہے تا کہ ان سے آن لائن استفادہ ہو سکے۔ NSDL نیسنل سائنس ڈیجیٹل لائبریری http://nsdl.niscairresm کی سائٹ پر جایئے۔ اس کلکشن کی کتابوں، سافٹ ویر اور موضوعات کی تفصیل لکھئے۔

# روزگار کی مہارتیں

# 350

# Emplayability skills

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس:20

ہدایات:(i) تمام سوال لازمی ہیں۔سوالوں کے نمبران کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ پر اپنا نام،اندراج نمبر،ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھیے۔

سوال:1 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے۔ 2

(a) مقاصد کے تعین میں PSMART کا کیا مطلب ہے؟ (سبق 11)

(b) کامل قائد (لیڈر) کون ہوتا ہے؟ وضاحت کیجئے (سبق 3)

کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے۔ 2

(a) غیر لفظی یا غیر زبانی ترسیل (ابلاغ) کسے کہتے ہیں؟ دو مثالیں لکھیے۔(سبق 4)

(b) بیانیہ تحریروں اور اس کی شکلوں کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 5)

سوال 3۔ کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے 2

(a) حقوق اور فرائض کے درمیان توازن قائم رکھنے کے لیے قوانین کی ضرورت کیوں ہے؟

(b) جذباتی ساجھے داری ہمدردانہ فکرمندی سے کس طرح مختلف ہے۔(سبق 3)

سوال 4۔ کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے 4

(a) ڈیوڈ کولب کے ذریعہ پیش کردہ سائکل آف لرننگ (دورِ آموزش) کی وضاحت کیجئے (سبق 1)

(b) مثبت یا تعمیری بازرسی (feedback) کے لیے پانچ اقداماتی ماڈل کیا ہے؟ (سبق 6)

5۔ کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجئے: 4

(a) ESCA ماڈل کارگاہ (کام کی جگہ) میں باہمی تعاون اور فائدہ بنائے رکھنے میں کیسے مددگار ہوسکتا ہے؟ (دیکھئے سبق 2)

(b) ملازمت کا بیان (یا اسکی تفصیل) کیوں ضروری ہے؟۔اس میں کون سے امور شامل ہوتے ہیں۔ (دیکھئے سبق 8)

6۔ کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کریں۔ 6

(a) اروند نے ایک مشہور ملٹی نیشنل کمپنی میں اپنی ملازمت شروع کی ہے۔اس کو تنظیم کا ایک پسندیدہ اور با اثر ملازم ہونے کے لیے کن خوبیوں یا صفات کو خود میں پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ (دیکھئے سبق 2)

(b) آپ کے دوست نکھل نے اپنا MBA مکمل کرلیا ہے اور اب وہ مختلف کمپنیوں میں نوکری کے لیے درخواستیں دے رہا ہے۔ایک پر اثر سی وی تیار کرنے کے لیے اس کو کون سی تفصیلات مہیا کرنی چاہیے۔ (سبق 8)

# جسمانی تعلیم اور یوگا

# 373

# Physical Education and Yoga

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ

کل مارکس=20

ہدایات:(i) تمام سوال لازمی ہیں۔سوالوں کے نمبران کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ پر اپنا نام،اندراج نمبر،ادارے کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے:

(a) صحت (ہیلتھ) کے ابعاد کی فہرست بنایئے اور ذہنی اور جذباتی ابعاد کے درمیان بنیادی فرق لکھئے۔

(b) صحت سے وابستہ جسمانی تندرستی اور کارکردگی سے وابستہ جسمانی تندرستی کے درمیان فرق واضح کیجئے۔(دیکھئے سبق 3)

2۔ کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھئے 2

(a) تندرستی کے حصول میں یوگا کا کیا تعاون یا حصہ ہے۔(سبق 3)

(b) تدریسی شعبہ کے علاوہ،فزیکل ایجوکیشن کے گریجویٹ کے لیے نوکری کے لیے اور کون سے مواقع ہیں۔(دیکھئے سبق 4)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھئے 2

(a) یوگا آسنوں کی مشق سے پہلے آپ کو کن کن باتوں کی احتیاط لازمی ہے(دیکھئے سبق 20)

(b) ترسیل کی مہارت اور تخلیقیت جیسی بنیادی خوبیوں کے علاوہ ایک کامیاب فزیکل ایجوکیشن ٹیچر بننے کے لیے کن کن خوبیوں کی ضرورت ہے۔(دیکھئے سبق 4)

4۔ کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ کے درمیان لکھئے۔ 4

(a) جسمانی نظام پر وارم اپ (warm up) کے اثرات کی نشاندی کیجئے۔(دیکھئے سبق 5)

(b) یوگا آسنوں کی زمرہ بندی کے مختلف انواع کی قدر و قیمت کا جائزہ لیجئے اور ایک ایک مثال بھی دیجئے۔ (دیکھئے سبق 20)

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے: 4

(a) خصوصی ضروریات والے بچوں کے لیے یوگا کی مشقیں تجویز کرتے وقت آپ کن احتیاتی اقدامات کو عمل میں لائیں گے۔ (دیکھئے سبق 13)

(b) صحت کے کلیدی اصولوں کی فہرست بنایئے اور صحت کو برقرار رکھنے کے لیے ان اصولوں کے تعلق کی وضاحت کیجئے۔ (دیکھئے سبق 9)

6۔ کسی ایک پر ایک پروجیکٹ تیار کیجیے:

(a) پانچ سال سے کم عمر کے بچوں اور بڑے بالغوں کے لیے ایک ہفتہ کا جسمانی مشقوں کا پروگرام تیار کیجیے:
(دیکھیے سبق 13)

| | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 5سال سے کم عمر | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| بڑے بالغ لوگ | | | | | | |

(b) ان جسمانی تبدیلیوں کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کیجیے جو شدھی کریاؤں کی انجام دہی کے بعد رونما ہوتی ہیں۔
(دیکھیے سبق 5)

| سرگرمی | جسمانی تبدیلی |
|---|---|
| شدھی کریا | (1)<br>(2) |
| پرنایم | (1)<br>(2) |
| آسن | (1)<br>(2) |

# ملٹری اسٹڈیز (مطالعہ عسکری)

# (Military Studies)

## (374)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر:**20

(i) نوٹ: سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

**سوال نمبر 1۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) BW ایجنٹ سے مقابلہ کرنے میں انسانی جسم کے مدافعتی نظام کی اہمیت کو اجاگر کیجیے۔ (سبق۔13 دیکھیے)

(b) کوئی چار ملٹری اسکولوں کے نام لکھیے۔ (سبق۔2 دیکھیے)

**سوال نمبر 2۔** ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) فساد پر قابو پانے کے لیے کیمیائی ایجنٹ کے استعمال کی شناخت کیجیے۔ (سبق۔14 دیکھیے)

(b) ہندوستانی بحریہ کے مشفقانہ کردار کو بیان کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)

**سوال نمبر 3۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) دہشت گردی کا مقابلہ کرنے میں خصوصی دستوں (اسپیشل فورسز) کے کردار کا تجزیہ کیجیے۔ (سبق۔5 دیکھیے)

(b) کیمیائی ایجنٹ کی ڈیلیوری کے طریقوں کی فہرست بنائیے۔ (سبق۔14 دیکھیے)

**سوال نمبر 4۔** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ **4**

(a) گروکل میں تربیت کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیے)

(b) 'فوج میں بھائی چارے کی بڑی اہمیت ہے' اس بیان کو مدلل بیان کیجیے۔ (سبق۔4 دیکھیے)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔

(a) فوجی تربیت میں کھیل کود کی اہمیت کا تجزیہ کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیے)

(b) دراندازی کے تئیں حساس سرحدوں (Porous Borders) کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل پر کس طرح قابو پایا جائے؟ تجزیہ کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)

**سوال نمبر 6۔** مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تقریباً 500 الفاظ میں تیار کیجیے۔

(a) ہندوستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں۔ ہندوستان اور بنگلہ دیش کے آپسی تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے لیے کچھ تدابیر تجویز کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)

(b) ہندوستان نے اپنی سافٹ پاور کو بہت زیادہ کامیابی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔اس بیان کو مدلل بیان کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)

# تاریخ عسکری

# (Military History)

# 375

## ٹیوٹر نشان زد تفویض

کل نمبرات=20

نوٹ:(i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر سوال کے لیے مختص کردہ نمبرات اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے آئی (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھئے۔

سوال 1: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) حربی موسیقی (martial music) فوج کی ایک اہم روایت رہی ہے۔ قدیم دور کے دو موسیقی ساز و سامان کی پہچان کیجیے اور ان کو مختصراً بیان کیجیے۔ (سبق 3 دیکھئے)

(b) توڑے دار بندوق (Matchlock) ہندوستان میں مغلوں کی فتح میں کافی مددگار ثابت ہوا۔ اس کی افادیت اور پہلی اس کے استعمال کے بارے میں لکھئے۔ (سبق 7 دیکھئے)

سوال 2: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) یوپ کے ذریعہ وسائل سے بھرپور ملکوں کے ساتھ سیدھا سمندری راستہ تلاش کرنے کے پس پردہ اسباب کی پہچان کیجیے۔

(b) مراٹھا گھڑسوار فوج کو درجہ بند کیجیے اور ہر اک درجے (زمرے) کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

سوال 3: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) آپریشن پولو کی اہمیت کا جائزہ لیجیے۔ (سبق 16 دیکھئے)

(b) اکبر کے ذریعہ شروع کئے گئے عسکری انتظامیہ کی وضاحت کیجیے۔ (سبق 8 دیکھئے)

سوال 4: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے 4

(a) رانا پرتاب کے ذریعہ ہلدی گھاٹی کی جنگ کا میدان چنے جانے کا اسباب کا ذکر کیجیے۔

(b) وانڈی واش کے جنگ کی اہمیت کا تجزیہ کیجیے۔

سوال 5: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) مغلوں کی ہندوستان میں توسیع کے مفہوم میں پانی پت کی دوسری جنگ کی اہمیت کا جائزہ لیجیے۔ (سبق 7 دیکھئے)

(b) انگریز نہ صرف ہندوستانی ریاستوں کو بلکہ دوسرے یوروپی ملکوں کو ہرا کر نہایت اعلیٰ طاقت بنے۔ ان کی جیت کے عوامل کا بیان

کیجئے۔ (سبق 8 دیکھئے)

سوال 6 نیچے دیئے گئے پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے: 6

(a) کشمیر کو کرہ ارض پر جنت کہا جاتا ہے۔لیکن یہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تنازعہ کا مسئلہ رہا ہےاس تنازع کے بنیادی اسباب کا پتہ لگائیے اور ہندوستانی فوج کے ذریعہ ادا کیے گئے کردار کا جائزہ لیجئے۔(سبق 16 دیکھیے)

(b) فوج کی حوصلہ افزائی کے لیے استعمال میں لائی جانے والی چیزوں کو درج فہرست کیجئے۔کچھ فوجی اکائیوں کے جنگی نعروں کے بارے میں پتہ لگائیے۔ (سبق 3 دیکھئے

# ابتدائی بچپن کی دیکھ بھال اور تعلیم

## (376)

# Early Childhood care and Education

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس=20

جوابات: (i) تمام سوال لازمی ہیں۔سوالوں کے نمبران کے سامنے درج ہیں:

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندارج نمبر، ادارے کا نام اور مضمون کا نام لکھئے۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے۔

(A) بچوں کی ضرورتوں اور بچوں کے حقوق کے باہمی رشتے پر گفتگو کیجئے۔(دیکھئے سبق 3)

(B) اصطلاحات ''اسکول کی تیاری'' اور ''اسکول کی تیاری کی اہمیت'' کی وضاحت کیجئے۔(دیکھئے سبق 19)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے۔ 2

(A) بچہ کی دیکھ بھال گھر پر بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی ''پری اسکول'' میں۔اس بیان پر تبصرہ کیجئے۔(دیکھئے سبق 18)

(B) عمر کے مطابق ECCE درسیات کے مطلب اور اس کی اہمیت کو اپنے لفظوں میں واضح کیجئے۔(دیکھئے سبق 12)

3۔ درج ذیل میں کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجئے۔ 2

(A) مندرجہ ذیل پیراگراف کے لیے کوئی بھی دو سوال بنایئے:

کسی بھی کام یا سرگرمی کی کامیابی اس بات پر منحصر ہے کہ اس کو کتنے اچھے طریقے پر تیار اور نافذ کیا گیا۔ لکھنے، پڑھنے میں بھی تیاری کی ضرورت ہوتی ہے۔خاص طور پر اس وقت جب چھوٹے بچوں کو پڑھانا ہو۔کسی مہارت کو اس وقت شروع کیا جائے جب بچے جسمانی اور ذہنی طور پر تیار ہوں۔بچوں کے تیار ہونے سے پہلے کوئی بھی کام بچوں کی آموزش میں نہ صرف خلل پیدا کرسکتا ہے بلکہ اسکول سے بچوں کو منحرف بھی کرسکتا ہے اور پھر وہ اسکول بھی چھوڑ سکتے ہیں۔اسی لیے ہر اقلیم (Domain) میں نشو ونما کے فروغ کے لیے سادہ اور دلچسپ سرگرمیوں کی منصوبہ بندی استاد کی ہی ذمہ داری ہے۔

(B) ECCE مرکز کے کام کاج میں موثر شرکت کے لیے کمیونٹی کے چار طریقے بتایئے۔ (دیکھئے سبق 18)

4۔ کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے: 4

(A) اپنے پڑوس کے اسکول میں نرسری کلاس میں جایئے اور گروپ کے ہر بچہ کی دلچسپی کو ذہن میں رکھتے ہوئے نرسری کلاس کے لیے ایک ہفتہ واری منصوبہ یا یک روزہ منصوبہ تیار کیجئے اور اس کو پیش کیجئے۔(دیکھئے سبق 12)

(B) پری اسکول بچوں پر ماحول کا بڑا گہرا اثر پڑتا ہے۔اس لیے ECCE مرکز رپری اسکول کو قائم کرنے کے لیے آپ کو کچھ عوامل ذہن میں رکھنے ہوں گے۔ای سی سی ای مرکز کے مقام کا انتخاب کرنے کے لیے اہم عوامل لکھئے۔(دیکھئے سبق 15)

5۔ کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھئے۔ 4

(A) بچوں کے اقتصادی، سیاسی اور سماجی حقوق کو یقینی بنانے کے لیےاور بچوں کی فلاح اوران کی ترقی کے لیے کئی پالیسیاں اور منصوبے تیار کیے گئے ہیں۔ بچوں کی فلاح و بہبود اوران کی ترقی کے لیے سب سے زیادہ مناسب دو پالیسیوں یا منصوبوں کو بیان کیجئے۔ (دیکھئے سبق 3)

(B) آپ نے دیکھا ہی ہوگا کہ بچے مختلف حالات میں اور اپنی گفتگو میں برتاؤ کے ایک خاص طریقے سے اظہار کرتے ہیں۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوئی ہوگی کہ جیسا آپ نے ان کے بارے میں سوچا تھا وہ اس سے الگ ہیں۔ بچوں کے مزاج کے بارے میں کسی نتیجہ پر پہنچنے کے عمل کی تشریح کیجئے (دیکھئے سبق 14)

6۔ کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجئے:

(A) اپنے پڑوس کی ECCE مرکز میں جائیے اور مندرجہ ذیل عوامل کی بنیاد پر ECCE مرکز کا اندازہ تیار کیجئے:

(i) ECCE مرکز کا عمل وقوع

(ii) ECCE مرکز میں فراہم کردہ جسمانی سہولیات، اس میں آؤٹ ڈور اوران ڈور سہولیات بھی شامل ہیں۔

(iii) آفات کا انتظام وانصرام اور فرسٹ ایڈ کی سہولت

(iv) آموزشی میٹریل اور ساز وسامان

(v) جگہ یا مکان کا انتظام

(vi) ای سی سی ای اسٹاف

اپنے مشاہدات کی بنیاد پر ایک رپورٹ تیار کیجئے (سبق 15)

(B) بچوں کی ترقی کا مطالعہ کرنے کے لیےاپنے پڑوس میں تین سال (تین سے 6 سال) کے کسی بھی بچے کا مشاہدہ کریں۔ بچے کی ترقی کو ریکارڈ کرنے کے لیے آپ کون سا طریقہ اپنائیں گے اور کیوں، وضاحت کیجئے۔

اپنے مشاہدہ کی بنیاد پر مختلف پہلوؤں پر مبنی کم سے کم دس شعبوں میں بچوں کی ترقی کے لیے ایک پروگریس ریکارڈ تیار کریں۔ (دیکھئے سبق 14)